مشائخ حرمین، علمائے عرب وعجم کی تحقیقات مع عکسِ عبارات سے مذیّن ومدلّل

کتاب لاجواب

مِرأۃُ التَّنوِیر فِی مَولِدِ السِّرَاجُ المُنِیر

المعروف بہ

میلادِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیارِ عرب میں

جزاوّل

ایک تاریخ ایک تحقیق

مکتبۃ مکۃ المکرمۃ

جائے ولادت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مشائخ حرمین، علمائے عرب وعجم کی تحقیقات مع عکسِ عبارات سے مزین ومدلل

کتاب لاجواب

مِرآۃُ التَّنوِیر فِی مَولِدِ السِّرَاجُ المُنِیر

المعروف بہ

میلادِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیارِ عرب میں جزاوّل

ایک تاریخ ایک تحقیق۔ اتحادِ اُمت کی خوبصورت کاوش

ازقلم: ابوسعید محمد سرور قادری رضوی گوندلوی

ناشر: مکتبہ فیضانِ رسول گوندلانوالہ گوجرانوالہ

نام کتاب: میلادرسول ﷺ دیارِ عرب میں

مصنف: ابوسعید محمد سرور قادری رضوی گوندلوی

ہدیہ: 200 روپے

صفحات: 184

تعداد: 600

ایڈیشن اوّل: ۱۴۳۷ھ بمطابق 2016ء

کمپوزنگ: شہباز علی قلندری برادر محمد رفیق
رحمان کمپیوٹر گلی پریس والی گوجرانوالہ

پروگرامنگ: سہیل احمد مغل پگزل پلس ایڈورٹائزر گوندلانوالہ گوجرانوالہ

ناشر: مکتبہ فیضانِ رسول گوندلانوالہ ضلع گوجرانوالہ

ملنے کے پتے: مکتبہ رضائے مصطفےٰ چوک دارالسلام گوجرانوالہ
مکتبہ قادریہ سرکلر روڈ نزد چوک میلاد مصطفےٰ گوجرانوالہ
نورالایمان پبلی کیشنز دربار مارکیٹ لاہور
زاویہ پبلشرز لاہور
رضا جنرل سٹور (حافظ محمد طیب رضوی)
شاہ دین پارک داروغہ والا لاہور

فہرست

نمبر شمار	عنوانات کی اجمالی فہرست	جن کتب کے عکس لئے گئے	صفحہ نمبر
1	اولی الامر سے مراد علماء، فقہاء حکام ہیں	القرآن مترجم پرنٹنگ کمپلیکس مدینہ منورہ سعودی عرب	26
2	علماء، فقہاء، مجتہد حاکم کی اطاعت واجب ہیں۔	تفسیر نورُ العرفان مفتی محمد احمد یار خاں (آیت نمبر ۵۹ سورۃ النساء)	25
3	بڑے علماء کے عمل کے موافق عمل کریں۔	تفسیر عثمانی (شبیر احمد عثمانی)	25
4	آپ ﷺ کی آمد پر اظہار شکر کا جلسہ کرنا سنتِ صحابہ کرام ہے۔	مسند احمد بن محمد (بروت لبنان) جامع الترمذی محدث ابو عیسیٰ محمد	14
5	محفل میلاد کی فضیلت رسول اللہ ﷺ کی نظر میں	التنویر فی مولد السراج المنیر علامہ ابن دحیہ ابوالخطاب بحوالہ عکس متوفی ۶۳۳ھ	18
6	حضرت عثمان غنی، حضرت ابو عامر انصاری، حضرت ابی ہریرہ، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم	الدر المنظم فی حکم مولد النبی الاعظم وجیز الصراط وغیرہ	19
7	یوم میلاد کی یادگاریں قائم رکھنا	الخصائص الکبریٰ علامہ جلال الدین	23
8	میلاد رسول دیار عرب میں (مکہ مبارکہ میں محفل)		28
9	عید سے بڑھ کر اہتمام کرتے ہیں۔	المورد الروی فی مولد النبوی (از ملا علی قاری محدث)	28
10	والیٔ حجاز خود شامل ہوتے ہیں۔	المورد الروی فی مولد النبوی (از ملا علی قاری محدث)	28
11	جائے ولادت پر کھانا تقسیم ہوتا ہے۔	المورد الروی فی مولد النبوی (از ملا علی قاری محدث)	28
12	محفل میلاد کو اہلِ مکہ باعث برکات سمجھتے ہیں۔	المورد الروی فی مولد النبوی (از ملا علی قاری محدث)	28
13	موصل میں ۵۷۰ھ میں محفل ہوتی تھی۔	سبل الہدیٰ والرشاد	28
14	محفل میلاد اہل عرب، مکہ و مدینہ، مصر، شام، یمن، تمام اہل اسلام مناتے ہیں۔	بیان المیلاد النبوی للمحدث ابن جوزی متوفی ۵۹۷ھ یعنی (۸۴۰ سال قبل)	35
15	شہر مکہ مکرمہ میں محفل میلاد کی بڑی دھوم ہوتی ہے چاروں مسالک کے قاضیان موجود ہوتے ہیں۔ مغرب کے بعد مشعل بردار جلوس ہوتا ہے خطابات کے بعد دستار بندی ہوتی ہے۔	کتاب الاعلام باعلام بیت اللہ الحرام (الشیخ قطب الدین متوفی)	41
16	اہل حرم شریف کا یہ عمل اچھا ہے جسے کامل مسلمان اچھا	حول الاحتفال بالمولد النبوی شیخ محمد علوی مالکی مکی رحمۃ اللہ علیہ	40
17	کہیں وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہوتا ہے۔ (الحدیث)		
18	ہر صبح شام مکہ معظمہ میں محافل ہوتی ہیں۔	"اصلاح مفاہیم" مفتی محمد علوی مکی	43

سببِ تالیف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ وَ نُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

ضرور پڑھیے..............دیارِ عرب

قال اللہ تعالیٰ!

اُدۡعُ اِلٰی سَبِیۡلِ رَبِّکَ بِالۡحِکۡمَۃِ وَالۡمَوۡعِظَۃِ الۡحَسَنَۃِ وَجَادِلۡهُمۡ بِالَّتِیۡ هِیَ اَحۡسَنُ

اپنے رب کی راہ کی طرف بلاؤ پکی تدبیر (دلیل) اور اچھی نصیحت سے اور ان سے اس طریقہ پر بحث کرو جو سب سے بہتر ہو۔ (سورۃ نحل آیت ۱۲۵)

باعثِ تخلیق کائنات محسن انسانیت رہبر اعظم رسول مکرم سیدنا و مولانا و ملجٰنا حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ ﷺ نے فرمایا کہ علم حاصل کرنے والا اس کی طرح ہے جو دن کو روزہ اور رات کو قیام کرنے والا ہے۔ (تفسیر کبیر شریف)

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو علم کا ایک باب حاصل کرے (یعنی علم پڑھے) کہ علمی دلائل کے ساتھ حق وصداقت کی طرف سے باطل کا جواب دے۔ تا کہ جہالت و گمراہی کو دور کر کے ہدایت کو واضح کرے تو وہ (اہل علم، صاحب قلم) چالیس سال دن رات عبادت کرنے والے کی مثل ہے۔

یطلب با با من العلم لیرد بہ باطلا من ھدی کان کعبادہ متعبدہ اربعین عاما

(کنز العمال جلد 1)

میلاد رسول دیار عرب میں

قارئینِ کرام..........ہٰذا الکتاب ''میلاد رسول دیار عرب میں'' لکھنے کا مقصد حصول خیر و برکت ہے نہ کہ کسی سے الجھنا اور نہ ہی کسی سے مناظرہ ومجادلہ ہے۔ کتاب کے تمام مندرجات (تاریخی و تحقیقی حوالہ جات) مع عکوس ۱۲۰ (اصل کتاب کی فوٹو کاپیاں) کو پیش کرنے کا

مقصد جہاں سلف وصالحین کے مسلک وجواز میلاد پران کی قلمی خدمات کو اُجاگر کرنا ہے وہاں یہ بھی واضح کرنا ہے کہ جو کہتے ہیں محفل میلاد کرنا بدعت سئیہ (گمراہی) ہے یہ میلادیوں کی آج کل کی ایجاد ہے یہ ان لوگوں کا خانہ ساز بدعتی پروگرام ہے یہ صرف ہندوپاک میں ہی ہے وغیرہ وغیرہ۔ (العیاذ باللہ) حالانکہ اس بات کا حقیقت کے ساتھ دور کا بھی تعلق نہیں ہے کیونکہ یہ نہ تو آج کل کی ایجاد ہے نہ اہل عجم برصغیر کے مسلمانوں نے شروع کیا بلکہ حجاز مقدس، ممالک عربیہ کے مسلمانوں میں صدیوں سے چلا آرہا ہے۔ بالخصوص مکہ مکرمہ ومدینہ منورہ سے جاری ہوااور بلاشبہ یہ عہد صحابہ کرام سے ثابت ہے۔ اس حقیقت پر کتاب ہذا کے روشن صفحات (عکسی حوالہ جات) شاہد ہیں۔ اس شہادت بابرکت کی ایک جھلک سطور ذیل میں پڑھیے۔

اوّل صدی: آمد رسول اکرم ﷺ کے تذکرے قرآن وحدیث میں اور حضراتِ صحابہ کرام سے ثبوت۔

دوسری صدی: حضرت امام حسن بصری (متوفی ۱۱۰ھ)، امام زین العابدین بن سیدنا امام حسین (متوفی ۱۱۴ھ)، محمد بن اسحاق (متوفی ۱۵۰ھ)

تیسری صدی: امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)، محدث ابوعیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۹۷ھ) شیخ جنید بغدادی (متوفی ۲۹۷ھ)

چوتھی صدی: محدث احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)

پانچویں صدی: حضرت شیخ عبدالقادر غوث اعظم (متوفی ۵۶۱ھ)

چھٹی صدی: محدث عبدالرحمٰن جوزی (متوفی ۵۹۷ھ)

ساتویں صدی: باقاعدہ عظیم الشان طریقہ سے اجتماع میلاد شروع کرنے والے سلطان ابوسعید مظفر موصلی اربلی (متوفی ۶۳۰ھ)، محفل میلاد کے ثمرات و اثبات پر پہلی باقاعدہ کتاب لکھنے والے علامہ ابو الخطاب ابن دحیہ عمر (متوفی ۶۳۳ھ)، محدث حافظ جزری (متوفی ۶۶۰ھ)، شیخ ابوشامہ (متوفی ۶۶۵ھ)۔

آٹھویں صدی: حافظ شمس الدین ذہبی (متوفی ۷۴۸ھ)، حافظ ابن کثیر (متوفی ۷۷۴ھ)، حافظ ناصر دمشقی (متوفی ۸۴۲ھ)

نویں صدی: محدث ابن حجر عسقلانی (متوفی ۸۵۲ھ)

دسویں صدی: حافظ امام سخاوی (متوفی ۹۰۲ھ)، علامہ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)، امام احمد ابن حجر مکی شافعی (متوفی ۹۷۴ھ)، شیخ محمد یوسف شامی (متوفی ۹۴۲ھ)، محدث امام قطب الدین حنفی (متوفی ۹۸۸ھ)

گیارھویں صدی: علامہ محمد جاراللہ (متوفی ۹۸۶ھ)، محدث علی قاری مکی (متوفی ۱۰۱۴ھ) مجدد الف ثانی سرہندی (متوفی ۱۰۳۴ھ)، شیخ عبدالحق محدث دہلوی (متوفی ۱۰۵۲ھ)

بارھویں صدی: سید جعفر برزنجی امام وخطیب مسجد نبوی (متوفی ۱۱۷۷ھ)، مفسر قرآن علامہ اسماعیل حقی (متوفی ۱۱۳۷ھ)

تیرھویں صدی: شاہ عبدالرحیم محدث دہلوی، شاہ عبدالعزیز دہلوی (متوفی ۱۲۳۹ھ)، شیخ عابد سندھی (متوفی ۱۲۵۷ھ)

چودھویں صدی: علامہ عبدالحق الہ آبادی (متوفی ۱۳۳۳ھ)، علامہ محمد بن جعفر الکتانی (متوفی ۱۳۴۵ھ)، مجدد دین وملت حضرت امام احمد رضا خاں (متوفی ۱۳۴۰ھ)، علامہ محمد یوسف نبہانی (متوفی ۱۳۵۰ھ)

پندرھویں صدی: قطب مدینہ حضرت ضیاء الدین قادری مدنی (متوفی ۱۴۰۱ھ)، قطب مکہ محمد علوی مکی (متوفی ۱۴۲۵ھ)، شیخ عیسیٰ مانع دوبئ، سید یوسف رفاعی ہاشم کویت،

معذرت نامہ: حضرات علماء وذوقِ مطالعہ رکھنے والوں کی خدمت میں معذرت کے ساتھ اپیل ہے کہ حوالہ جات، عبارات واعراب میں اگر کوئی سقم ہو تو تنقیص وتنقید سے صرف نظر کرتے ہوئے ناچیز کی راہنمائی فرمادینا............ (آپ کی عین نوازش ہوگی) تاکہ آئندہ ایڈیشن میں تصحیح ہوسکے۔ اللہ کریم عزوجل اس ادنیٰ کوشش کو قبول فرما کر نجات اُخروی کا ساماں بنادے۔ مولیٰ تعالیٰ بوسیلۂ مصطفیٰ کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام تمام مسلمانوں کے ایمان، جان، مال وعزت کی حفاظت فرمائے۔

آمین ثم آمین!

دعاؤں کا محتاج، طالب مدینہ، مدفن بقیع اور طالب شفاعت شفیع معظم رسول مکرم ﷺ

ابوسعید محمد سرور قادری رضوی گوندلوی عفی عنہ

(خطیب جامع مسجد حنفیہ رضویہ گوندلانوالہ بانی جامعہ حجازیہ صادق العلوم مسجد قبلتین گوندلانوالہ)

انتساب

اُس عظیم ہستی کے نام جس نے اپنی زندگی کی تمام توانائیاں ناموسِ رسالت کیلئے صرف کردی، منکرین کی چیرہ دستیوں کا سدّباب کرتے رہے۔ یعنی اپنے آقاء نعمت مرشدی، ماہتاب طریقت، زینت الاصفیا، برکاۃ الزماں، مقرب بارگاہِ رسالت الحاج، المفتی

حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ علیہ

علامہ ابوداؤد پیر محمد صادق قادری رضوی

متوفی ۱۸ ذوالحجہ ۱۴۳۶ھ

بانیٔ جامعہ حنفیہ سراج العلوم

و

امیر جماعت رضائے مصطفیٰ پاکستان گوجرانوالہ

آپکا خادم طالبِ فیض: ابوسعید محمد سرور رضوی عفی عنہ

گوندلانوالہ ضلع گوجرانوالہ ۱۲ ربیع الاول ۱۴۳۷ھ ۲۰۱۵ء

نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّیۡ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡم

اللہ تعالیٰ کا پیغام اہلِ ایمان کے نام

فرمایا اللہ جل جلالہ، نے۔ لَقَدۡ مَنَّ اللّٰہُ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ اِذۡ بَعَثَ فِیۡھِمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡ اَنۡفُسِھِمۡ ۔ بیشک اللہ کریم نے بڑا احسان فرمایا مسلمانوں پر کہ انہی میں سے ایک رسولِ ذیشان ان میں بھیجا۔ (سورۃ آل عمران آیت نمبر ۱۶۴) اس احسان عظیم پر صحابہ کرام نے مسجد نبوی میں شکریہ کے جلسہ کا اہتمام فرمایا۔ ملاحظہ کریں صفحہ ۱۲

اہل مدینہ کا پیغام اہل اسلام کے نام

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کے شکر کا اظہار کرنا قیامت تک واجب ہے

یہ پیغام آپ کی مدینہ آمد پر یوم میلاد بروز پیر بارہ ربیع الاول کو دیا گیا۔ پڑھیے اشعار میں

طلع البدر علینا من ثنیاتِ الوداع
وجبت الشکر علینا ما دعا للہ داع

(الوفا صفحہ ۲۵۲، صفحہ ۲۴۹ محدث ابن جوزی)

ترجمہ! وادع کی گھاٹیوں سے ہم پر چودھویں کا چاند نکل آیا آپکی تشریف آوری کا شکر ادا کرتے رہنا ہم پر واجب ہے۔ قیامت تک یعنی جب تک اللہ کی طرف دعوت دینے والا موجود ہے۔

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و طالبات بنات مدینہ کے اس پیغام پر اہل اسلام کا تواتر سے عمل ثابت ہے۔ مثلاً علامہ شمس الدین سخاوی نے لکھا ہے۔ لازال اہل الاسلام یہی الفاظ علامہ احمد قسطلانی نے مواہب اللدنیہ میں لکھے ہیں۔ محدث ابن جوزی نے لازال اہل الحرمین الشریفین والمصر والیمن والشام وسائر بلاد العرب کے الفاظ نقل کئے ہیں (المیلاد النبوی صفحہ ۷۰)

معلوم ہوا آپ علیہ السلام کی آمد پر شکر کے جلسے جلوس کرتے رہنا۔ قیامت تک واجب ہیں یہ سلسلہ عہد رسالت کرام سے شروع ہوا اب تک جاری ہے۔ قیامت تک جاری وساری رہے گا۔ (انشاء اللہ العزیز) ''کیونکہ کی اس کی اصل قرآن وسنت سے ثابت ہے۔ ''اصلامن السنۃ'' (الحلوی للفتاوی) المختصر یہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک اہم کڑی ہے۔ جو ایک تاریخ اور ایک تحقیق پر مشتمل ہے۔ جس میں حوالہ جات کے بیانات کو مع عکس کے پیش کیا گیا ہے۔ پس آپ بھی پڑھ کر اپنے ایمان کو تازہ کیجیے۔

وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعٰلمین
اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
IN THE NAME OF ALLAH, THE BENEFICENT THE MERCIFUL
ورفعنا لک ذکرک

مکان ولادت مکہ مکرمہ میں

مفسرین، محدثین و مؤرخین کا اس پر اجماع ہے کہ آپکی ولادت مکہ شریف میں ہوئی ہے اور خاص جائے ولادت بھی وہی جگہ (مکان) ہے جو آج مشہور و معروف ہے جس کی ہم نے زیارت کی ہے یعنی جو دار محمد بن یوسف کے نام سے مشہور ہو گیا تھا۔ کیونکہ وہ اُنہوں نے خرید لیا تھا پھر اُن کی ملکیت میں رہا۔

یہ حقیقت الحافظ بن مغلطائی نے اپنی کتاب الارشاد میں۔ قطب الدین حنفی نے، امام سہیلی نے، روض الانف میں، ابن ہشام نے اور علی بن محمد المدائنی نے اور یہی بات الشیخ ابو الولید محمد بن عبداللہ الازرقی متوفی ۲۲۳ھ نے اخبار مکہ میں صفحہ ۱۹۸ پر) پھر اس کے بعد محمد بن اسحٰق الفاکہی وغیرہ نے لکھی ہے۔ یہی حقیقت تواتر سے ثابت ہے (شیخ عبدہ یمانی نے لکھا) کہ یہ "مکتبہ قطان لائبریری" والا مکان مشہور ہے (راقم الحروف محمد سرور) کی عرض ہے کہ آجکل مکان کی پیشانی (چھت) کے اوپر مکتبہ مکۃ المکرمہ کا سائن بورڈ لگا ہوا ہے۔

(مَاخوذ عَلِمُوا اَولَادَکُم مُحَبَّۃَ رَسُولَ اللہ ﷺ) اولاد کو سکھاؤ محبت رسول

(ازقلم: ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی سابق وزیر اطلاعات سعودی عرب)

اہم مقامات کو قائم رکھنا

سیّد: یوسف ہاشم (سابقہ وزیر داخلہ کویت وزیر مواصلات۔ بانی الجمیعۃ الکویتیہ) لکھتے ہیں کہ اے علماء نجد محفل میلاد منعقد کرنے والوں پر طعن کرتے ہو ان کو پریشان کرتے ہو ایسا کرنے کا تمہیں کوئی حق نہیں اللہ سے ڈرو۔ نیز میلاد شریف اور مکان ولادت کی زیارت کرنے والوں کو شریر سمجھتے ہو حالانکہ یہ نظریہ تمہارا غلط ہے میلاد کا انعقاد و جائے ولادت کی زیارت و حفاظت باعث اجر و برکت ہے لیکن تم جائے ولادت کو ختم کرنے کی باتیں کرتے ہو۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے "اور ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو (پتھر کے سامنے) نماز کا مقام بناؤ" نیز تابوت سکینہ میں تبرکات کو ہی تو محفوظ رکھا گیا تھا۔

(ماخوذ شیخ "سیّد یوسف ہاشم رفاعی کا علماء نجد کے نام اہم پیغام" ترجمہ ابو عثمان صُفّہ پبلی کیشنز اُردو بازار لاہور)

نُورانی نسب کی جھلکیاں

اصل ہر بود و بہود تخم وجود قاسم کنز نعمت پہ لاکھوں سلام

مصدر مظہریت پہ اظہر درود مظہر مصدریت پہ لاکھوں سلام

فرمان مصطفےٰ ﷺ ''انا خیرھم نفسا و خیرھم بیتا''۔ (الحدیث ترمذی)

میں ذاتی اور خاندانی طور پر (ان) سب سے بہتر ہوں۔

نام گرامی .... حضرت سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

والد ماجد .... حضرت عبد اللہ لقب ذبیح اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

والدہ ماجدہ .... حضرت سیدہ آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما

داداجان .... حضرت حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ (شیبہ)

دادی جان .... حضرت صفیہ بنت جندب نجاری رضی اللہ عنہ

پرداداجان .... حضرت عمرو لقب ہاشم

پردادی .... حضرت سلمٰی بنت عمرو بن زید نجار (براویت اخریٰ فاطمہ عمرو)

ناناجان .... حضرت وھب زھری

نانی جان .... حضرت برہ بنت عبد العزیٰ

پرناناجان .... حضرت عبد مناف زھری

پرنانی جان .... حضرت عاتکۃ الکبریٰ

(۱) آپ ﷺ کے تمام ننھیال و ددھیال خاندان سیدنا ابراھیم علیہ السلام سے ہیں۔

(۲) آپ ﷺ کی کوئی بہن نہ بھائی تھا۔ (تفسیر نور العرفان)

(۳) رضاعی مائیں حضرت حلیمہ سعدیہ، جنابہ ثوبیہ و دیگر چند بیبیاں

(۴) دائیاں (خدمت کیلئے) حضرت آسیہ، حضرت سارہ، حضرت مریم، حضرت حوا، حضرت شفاء،

جنابہ صفیہ، حوارن، بہشت وغیرہ رضی اللہ عنہن

(۵) حضرت حلیمہ کے والد کا نام حارث ہے، خاوند کا نام ابوذھیب ہے۔ (سیرت حلبیہ)

میلادِ رسول ﷺ تاریخ کے آئینہ میں

مقام ولادت .... حجاز مقدس عرب شریف

شہرولادت .... مکہ مکرمہ شریف نزد جدہ

محلّہ ولادت .... بنی قشاشیہ نزد جبل ابوقبیس گلی سوق اللیل نامی

جائے ولادت .... مکان حضرت عبداللہ عالیشان رضی اللہ عنہ

سن ولادت .... ۲۵۸۵ ابراہیمی۔ اپریل ۵۷۰ عیسوی نوشیروانی ۴۰ سال بعد
ازشیخ محمد جامعۃ الازہر (محمد رسول اللہ)

سن ولادت .... عام الفیل اصحاب فیل کے واقعہ کے ۵۵ دن بعد (مدارج النبوۃ)

سن ولادت .... حضرت آدم علیہ السلام کے تقریباً ساڑھے چھ ہزار سال بعد

ماہ ولادت .... ربیع الاول، ربیع النور، شہر سرور (زرقانی)

تاریخ ولادت .... ۱۲ ربیع الاول شریف مستدرک حاکم (دیکھئے عکس نمبر 30)

شب ولادت .... پیر شریف (یوم الثنین) (زرقانی، مشکوٰۃ)

وقت ولادت .... صبح صادق (ضیاء النبی بحوالہ محمد رسول اللہ ﷺ حصہ دوم)
فی فجر یوم الاثنین

جس سُہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اس دِل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

نَحمَدُهٗ وَنُصلِّی وَ نُسَلِّمُ عَلٰی رَسُولِہِ الکَرِیمِ
اَمَّا بَعد فَاَعُوذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تمام انبیاء کرام ورُسُل عظام علیهم السلام کی روحانی محفل میں نبیٔ مکرم رسول عربی ﷺ کی تشریف آوری کا قرآنی بیان

اللہ سبحان کا فرمانِ عالیشان قرآن پاک میں

وَاِذۡ اَخَذَ اللّٰہُ مِیۡثَاقَ النَّبِیّٖنَ لَمَاۤ اٰتَیۡتُکُمۡ مِّنۡ کِتٰبٍ وَّحِکۡمَۃٍ ثُمَّ جَآءَکُمۡ رَسُوۡلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَکُمۡ لَتُؤۡمِنُنَّ بِہٖ وَلَتَنۡصُرُنَّہٗ قَالَ ءَاَقۡرَرۡتُمۡ وَاَخَذۡتُمۡ عَلٰی ذٰلِکُمۡ اِصۡرِیۡ قَالُوۡۤا اَقۡرَرۡنَا قَالَ فَاشۡہَدُوۡا وَاَنَا مَعَکُمۡ مِّنَ الشّٰہِدِیۡنَ۔

(القرآن سورۃ آل عمران پ ۳ آیت ۸۱)

ترجمہ! اور یاد کرو جب اللہ نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا جو میں تم کو کتاب اور حکمت دوں پھر تشریف لائے تمہارے پاس وہ رسول کہ تمہاری کتابوں کی تصدیق فرمائے تو تم ضرور ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور ضرور اس کی مدد کرنا فرمایا کیا تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری ذمہ لیا، سب نے عرض کی ہم نے اقرار کیا فرمایا تو ایک دوسری پر گواہ ہو جاؤ اور میں آپ (خود) تمہارے ساتھ گواہوں میں ہوں۔

پیارے رسول عربی کی تشریف آوری کا ہوا مومنوں پر احسان

لَقَدۡ مَنَّ اللّٰہُ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ اِذۡ بَعَثَ فِیۡہِمۡ رَسُوۡلًا

ترجمہ! بے شک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں انہی میں سے ایک رسول بھیجا۔ (پارہ ۴، سورۃ آل عمران، آیت ۱۶۴)

حضرت رسول عربی اور حضرت خلیل اللہ کی دعا

رَبَّنَا وَابۡعَثۡ فِيۡهِمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ يَتۡلُوۡا عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ وَيُزَكِّيۡهِمۡ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ۔ (سورۃ بقرہ:۱۲۹)

اے رب ہمارے اور بھیج ان میں ایک رسول انہیں انہی میں سے کہ ان پر تیری آیتیں تلاوت فرمائے اور انہیں تیری کتاب اور پختہ علم سکھائے اور انہیں خوب صاف ستھرا فرمادے بے شک تو ہی ہے غالب حکمت والا۔

نبی کریم رسول عربی کی تشریف آوری اور بشارت عیسیٰ علیہ السلام

وَاذقال عیسَیٰ ابن مریم یَابنی اِسرآئیلَ اِنّی رَسُولُ اللّٰہِ الیکم مُصَدِّقًالما بین یَدَیَّ مِنَ التَّوراۃِ وَمُبَشّراً برسولٍ یَاْتِیْ من بَعْدی اسمُہٗ اَحْمد۰

جب عیسیٰ بن مریم نے فرمایا اے بنی اسرائیل میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں اپنے سے پہلے کتاب توریت کی تصدیق کرتا ہوں۔ اور ان رسول کی بشارت سناتا ہو جو میرے بعد تشریف لائیں گے ان کا نام احمد ہے۔ (صلی اللہ علیہ وسلم) (سورۃ الصّف)

دل موسیٰ میں ارماں رہ گئے جس کی زیارت کے
لب عیسیٰ پہ آئے وعظ جس کی بشارت کے

میلادِ رسول عربی ﷺ کے تذکرے احادیث میں

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ رسول عربی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

قالَ اِنی عندَاللّٰہِ مکتوبٌ خاتِمَ النَّبِیّنَ وَاِنَّ اٰدَمَ مُنجدِلٌ فِی طِینتِہٖ وسَاُخبِرُکُمۡ بِاَوَّلِ اِمرِیۡ دَعۡوَۃُ ابراھیمَ وبَشَارَۃُ عیسیٰ رُؤیَاۡ اُمِّی رَاۡتِحِیۡنَ وَضعتنی وَقد خَرَجَ لَھَا نوراً اَضَآءَ لَھَا منہ قُصُورُ الشَّامِ (مشکوٰۃ ص ۵۱۳)

ہوئے پہلوئے آمنہ سے ہویدا
دعائے خلیل اور نوید مسیحا

حضرت آدم تا حضرت عیسیٰ آپکی تشریف آوری کا بیان

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں حضرت آدم تا عیسیٰ تمام انبیاء کرام علیہم السلام اور انکی قومیں نبی اکرم رسول عربی کی آمد کی خوشخبریاں سناتیں رہیں اور وسیلہ رسول عربی سے فتح ونصرت طلب کرتے رہیں۔ یہاں تک کہ اللہ کریم نے آپ کو بہترین زمانہ بہترین قوم، امت، بہترین اصحاب اور بہترین شہر عرب مکہ مکرمہ میں پیدا فرمایا۔ (خصائص الکبریٰ ج ا ص)

گویا کہ ہر دور میں ہر قوم کی یہ آواز تھی

تخلیق میں پہلے نور انکا
آخر میں ہوا ظہور اُن کا
تکوین جہاں ہے ان کے لئے
ختم اُن پہ نبوت ہوتی ہے
ہر دور میں سب نے کیا اعلان جن کا
اب آتے ہیں وہ سردار رُسُل
اب ان کی ولادت ہوتی ہے

یومِ میلاد و لفظِ میلاد کی اصلیّت و اہمیّت حدیث شریف سے

جب نبی کریم رسول عربی ﷺ کی بارگاہ میں پیر شریف کے روزہ رکھنے بارے میں عرض کی گئی تو فرمایا فَقَالَ فِیْهِ وُلِدْتُ وَفِیْهِ اُنْزِلَ عَلَّی یعنی اس دن میری ولادت ہوئی اسی دن وحی کا نزول شروع ہوا۔ (مشکوۃ)

صحاح ستہ کی کتاب جامع ترمذی میں باب میلادُ النبی ﷺ

ایک مرتبہ حضرت قباس نے حضرت عثمان غنی سے بیان کیا کہ " اکبرُ منی وَاَنَا اَقْدَمُ مِنْہُ فِی المیْلاد "یعنی اگرچہ میری پیدائش پہلے ہوئی ہے لیکن رسول عربی ﷺ مجھے بہت بڑے ہیں (جامع ترمذی باب مَاجاء فی میلادُالنبی ﷺ) (دیکھئے عکس نمبر2) سیدہ عائشہ صدیقہؓ ذکر میلاد کی روایت فرماتی ہیں۔

"تذاکرَ رَسُولَ اللّٰہِ وابوبکر مِیلادُ هُمَا عِندی" میں رسول اللہ ﷺ وابی ابوبکر صدیق کی خدمت میں حاضری تھی دونوں حضرات بابرکات میلاد شریف کا تذکرہ کررہے تھے

(المعجم الکبیر ص۱ ، مجمع الزوائد)

اللہ کی سب سے بڑی نعمت رسول خدا ہیں
اللہ کے ہاں سب سے زیادہ قابل فخر جلسہ میلاد مصطفیٰ ﷺ ہے

ایک دن حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اِجتماع عظیم تھا کہ اُس میں ذکر وشکر جاری تھا۔ اِسی دوران رسول اللہ ﷺ محفل میں تشریف لائے اور فرمایا ''مَااَجلَسَکُمْ هٰهُنَا '' اے صحابہ آج یہ جلسہ (محفل) کس لئے منعقد کئے بیٹھے ہو؟ اس پر حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی ''ہم اللہ تعالیٰ کا ذکراور (شکر) کرنے جمع ہوئے ہیں۔ عَلٰی هَدَانَا لِدِیْنِهٖ وَمَنَّ عَلَیْنَا بِكَ (یعنی اللہ کریم نے آپ ﷺ کو بھیج کر ہم پر بڑا احسان فرمایا اور ہمیں اپنے دین کی ہدایت عطا فرمائی)۔ (آج ہم میلادُ النبی ﷺ پر اظہار وشکر وذکر خدا عزوجل وذکر مصطفےٰ ﷺ کرنے کیلئے محفل سجائے بیٹھے ہیں)۔ یہ سن کر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا، بے شک اللہ تعالیٰ تمہارے اس عمل کے باعث فرشتوں پر فخر وخوشی کا اظہار فرمارہا ہے۔''اَنَّ اللّٰـہ تَعَـالیٰ یُبَاهِیْ بِکُمُ الْمَلَائِکَة،، (مسند احمد ۴/۹۲) دیکھئے عکس نمبر1 (سنن نسائی جلد دوئم عربی، جلد سوئم اُردو) دیکھئے عکس نمبر3

میلاد نامہ حضرت حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

وَ اَحسَنُ مِنکَ لَمْ تَرَقَطُّ عَیْنِی
میری آنکھوں نے آپ سے زیادہ حسین کسی کونہیں دیکھا

وَ اَجْمَلُ مِنکَ لَمْ تَلِدِ النِّسَآءُ
اور آپ سے زیادہ جمیل کسی ماں نے بیٹا جنا ہی نہیں

خُلِقْتَ مُبَرَّاً مِّنْ کُلِّ عَیْبٍ
آپ (ﷺ) ہر عیب سے پاک پیدا ہوئے ہیں

کَاَنَّکَ قَدْ خُلِقْتَ کَمَا تَشَآءُ
گویا جیسا آپ نے چاہا ویسے ہی اللہ نے آپ کو بنایا

(دیوان حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ عربی صفحہ ۱۴)

عکس نمبر 1

مُسْنَد

الامام احمد بن محمد بن حنبل

ابی عبد الله الشیبانی

١٦٤ـ٢٤١ھ

الجزء الخامس

طبعة جديدة مصححة مرقمة الاحاديث ومفهرسة

دار احياء التراث العربي

بيروت ـ لبنان

عکس نمبر 1

سلمة ـ قال : أنا جبلة بن عطية عن عبد الله بن محيريز عن معاوية بن أبي سفيان أن النبي ﷺ قال : « إذا أراد الله بعبد خيراً فقهه في الدين » .

١٦٣٩٣ ـ **حدّثنا** عبد الله حدَّثني أبي ثنا علي بن بحر قال : حدَّثني مرحوم بن عبد العزيز قال : حدَّثني أبو نعامة السعدي عن أبي عثمان النهدي عن أبي سعيد الخدري قال : « خرج معاوية على حلقة في المسجد فقال : ما أجلسكم ؟ قالوا : جلسنا نذكر الله عزَّ وجلَّ ، قال : آلله ما أجلسكم إلاّ ذاك ؟ قالوا : آلله ما أجلسنا إلاّ ذاك ، قال : أما أني لم أستحلفكم تهمة لكم ، وما كان أحد بمنزلتي من رسول الله ﷺ أقل عنه حديثاً مني ، وإن رسول الله ﷺ خرج على حلقة من أصحابه فقال : ما أجلسكم ؟ قالوا : جلسنا نذكر الله عزَّ وجلَّ ونحمده على ما هدانا للإسلام ومن علينا بك ، قال : آلله ما أجلسكم إلاّ ذلك ؟ قالوا : آلله ما أجلسنا إلاّ ذلك ، قال : أما أني لم أستحلفكم تهمة لكم ، وإنه أتاني جبريل عليه السلام فأخبرني أن الله عزَّ وجلَّ يباهي بكم الملائكة » .

١٦٣٩٤ ـ **حدّثنا** عبد الله حدَّثني أبي ثنا عفان ثنا حماد ـ يعني ابن سلمة ـ أنا قيس عن عطاء : « أن معاوية بن أبي سفيان بن حرب أخذ من أطراف ـ يعني شعر ـ النبي ﷺ في أيام العشر بمشقص معي وهو محرم والناس ينكرون ذلك » .

١٦٣٩٥ ـ **حدّثنا** عبد الله حدَّثني أبي ثنا عفان ثنا شعبة قال : أنبأني سعد بن إبراهيم عن معبد الجهني قال : « كان معاوية قلما يحدَّث عن رسول الله ﷺ شيئاً ، ويقول : هؤلاء الكلمات قلما يدعهن أو يحدث بهن في الجمع عن النبي ﷺ ، قال : من يرد الله به خيراً يفقهه في الدين ، وإن هذا المال حلو خضر فمن يأخذه بحقه يبارك فيه ، وإياكم والتمادح فإنه الذبح » .

١٦٣٩٦ ـ **حدّثنا** عبد الله حدَّثني أبي ثنا يحيى بن سعيد عن ابن عجلان قال : اخبرني محمد بن يحيى بن حبان عن ابن محيريز عن معاوية بن أبي سفيان عن النبي ﷺ قال : « لا تبادروني بركوع ولا بسجود فإنه مهما أسبقكم به إذا ركعت تدركوني إذا رفعت ومهما أسبقكم به إذا سجدت تدركوني إذا رفعت أني قد بدنت » .

١٦٣٩٧ ـ **حدّثنا** عبد الله حدَّثني أبي ثنا وكيع ثنا أسامة بن زيد / عن محمد بن كعب القرظي قال : « قال معاوية على المنبر : اللهم لا مانع لما أعطيت ولا معطي لما منعت ولا ينفع ذا الجد منك الجد ، من يرد الله به خيراً يفقهه في الدين ، سمعت هؤلاء الكلمات من رسول الله ﷺ على هذا المنبر » . |٩٣/٤

١٦٣٩٨ ـ **حدّثنا** عبد الله حدَّثني أبي ثنا وكيع ثنا أبو المعتمر عن ابن سيرين عن

عکس نمبر 2

وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ

جَامِعُ التِّرْمِذِيّ

وفی آخرہ

شَمَائِلُ التِّرْمِذِيّ

لاستاذ المحدثین ابی عیسٰی محمد بن عیسٰی بن سورۃ الترمذیؒ

رحمۃ اللہ علیہ ۲۰۹ ء ۲۷۹

ابواب المناقب ۲۰۲ المجلد الثانی ۲

الذی دخل فیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المدینۃ اضاء منہا کل شیء فلما کان الیوم الذی مات فیہ اظلم منہا کل شیء وما نفضنا عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الایدی وانا لفی دفنہ حتی انکرنا قلوبنا ھذا حدیث صحیح غریب باب ما جاء فی میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدثنا محمد بن بشار العبدی نا وھب بن جریر نا ابی قال سمعت محمد بن اسحاق یحدث عن المطلب بن عبد اللہ بن قیس بن مخرمۃ عن ابیہ عن جدہ قال ولدت انا ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عام الفیل قال سأل عثمان بن عفان قباث بن اشیم اخا بنی یعمر بن لیث انت اکبر ام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ

صحاح ستہ میں بابِ میلادُ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

عکس نمبر 3

كَيْفَ يَسْتَحْلِفُ الْحَاكِمُ

٥٤٣١ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ مُعَاوِيَةُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَى حَلْقَةٍ يَعْنِي مِنْ أَصْحَابِهِ فَقَالَ مَا أَجْلَسَكُمْ قَالُوا جَلَسْنَا نَدْعُوا اللّٰهَ وَنَحْمَدُهُ عَلَى مَا هَدَانَا لِدِينِهِ وَمَنَّ عَلَيْنَا بِكَ قَالَ اللّٰهُ مَا أَجْلَسَكُمْ إِلَّا ذٰلِكَ قَالُوا اللّٰهُ مَا أَجْلَسَنَا إِلَّا ذٰلِكَ قَالَ أَمَا إِنِّي لَمْ أَسْتَحْلِفْكُمْ تُهْمَةً لَكُمْ وَإِنَّمَا أَتَانِي جِبْرَئِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَأَخْبَرَنِي إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبَاهِي بِكُمُ الْمَلَائِكَةَ۔

حاکم کس طرح قسم لے

سیدنا حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے حلقے پر باہر تشریف لائے! آپ نے دریافت فرمایا تم کیوں بیٹھے ہو۔ صحابہ کرام نے عرض کیا۔ کہ ہم اللہ کی حمد کرتے ہیں اور اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اللہ تعالے نے ہمیں اپنا دین بنایا اور آپ کو مبعوث فرما کر ہم پر احسان فرمایا۔ سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم خدا کی قسم اسی لیے بیٹھے ہو؟ انھوں نے عرض کیا اللہ کی قسم ہم اسی لیے بیٹھے ہیں۔ آپ نے انہیں بتایا کہ ہم نے تم سے اس لیے قسم نہیں لی کہ تمہیں جھوٹا سمجھا ہے بلکہ اس لیے کہ جناب حضرت جبرئیل میرے پاس تشریف لائے۔ اور مجھے بتایا کہ اللہ تعالے تم لوگوں سے فرشتوں پر فخر فرماتا ہے

اہلِ مدینہ اصحاب رسول عربی نے آپکی تشریف آوری کا شکر ادا کرتے رہنا قیامت تک لازم قرار دیا۔ اہل مدینہ نے آپکی تشریف آوری پر آپکی بارگاہ میں جو نعتیہ کلام پیش کیا تھا پڑھیے۔

طَلَعَ البَدرُ عَلَینا مِن ثَنِیّاتِ الوَداع
وَجَبَ الشُّکرُ عَلَینا مَا دَاعیٰ لِلّٰہِ دَاعِی
اَیُّھَا المَبعُوثِ فِینَا جِئتَ با الاَمرِ المُطَاع
اَنتَ شَرَّفتَ المَدِینَہ مَرحَبَا یَاخَیرَا دَاع

ترجمہ! ہم پر چودھویں کا چاند طلوع ہوگیا، وداع کی گھاٹیوں سے (آپکی تشریف آواری کا) شکر ادا کرتے رہنا واجب ہے جب تک مانگنے والے اللہ سے مانگتے رہیں گے یعنی اے تشریف لانے والے عظیم محبوب ﷺ جو ہمارے اندر تشریف لائے۔ آپ وہ دین لائے ہیں جو اطاعت کے قابل ہے۔

آپ نے (یارسول اللہ) مدینہ کو اپنے قدموں سے مشرف فرمادیا تو ہم آپکو خوش آمدید کہتے ہیں یارسول اللہ ﷺ آپ بہترین دعوت دینے والے ہیں۔

فضل ورحمت ملنے پر خوشی کا اظہار کرنا!

قُل بِفَضلِ اللّٰہِ وَبِرَحمَتِہٖ فَبِذٰلِکَ فَلیَفرَحُوا ھُوَ خَیرٌ مِّمَّا یَجمَعُونَ ●
(سورۃ یونس آیۃ نمبر ۵۸)

تم فرماؤ اللہ ہی فضل اور اسی کی رحمت اسی پر چاہیے کہ خوشی کریں وہ ان کی سب دھن دولت سے بہتر ہے (کنز الایمان)

تفسیر! معلوم ہوا رمضان میں نزول قرآن کی اور ربیع الاول کے مہینے میں حضور کی ولادت تشریف آوری کے شکریہ میں خوشی منانا تمام دنیا کی نعمتوں سے بہتر ہے۔

نعمتِ خداوندی کا خوب چرچا کرو

وَاَمَّا بِنِعمَۃِ رَبِّکَ فَحَدِّث ○ (سورۃ الضحیٰ ۳۰)

☆ اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کر (کنز الایمان)

☆محسن کے احسانات کا بہ نیت شکر گزاری چرچا کرنا شرعاً محمود (اچھا) ہے۔ (تفسیر عثمانی دیوبندی)

محفل میلاد کی اہمیت رسول اللہ ﷺ کی نظر میں

عن ابن عباس رضی اللّٰہ عنھما انہ کان یحدث ذات یوم فی بیتہ وقائع ولادتہ۔صلی اللّٰہ علیہ وسلم یقوم فیستبشرون ویحمدون اللّٰہ ویصلون علیہ الصلوۃ فاذا جاء النبی قال حلت لکم شفاعتی۔

ترجمہ ! حضرت عبداللہ بن عباس سے مروی ہے کہ وہ ایک دن نبی کریم ﷺ کی ولادت باسعادت کی واقعات اپنے گھر میں لوگوں کے سامنے بیان کرر ہے تھے مجمع خوش ہورہا تھا اللہ تعالیٰ کی حمد اور درود شریف پڑھا جارہا تھا اسی دوران نبی مکرم ﷺ تشریف لے آئے آپ نے اہل محفل کو دیکھ کر ارشاد فرمایا تمہارے واسطے میری شفاعت حلال ہوگئی۔ (الدر المنظم فی حکم مولد النبی الاعظم)

مرالنبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم الی بیت عامر الانصاری وکان یعلم وقائع ولادتہ علیہ السلام لابنالہ وعشیرتہ ویقول ھذا الیوم وھذا الیوم فقال (علیہ السلام) ان اللّٰہ فتح لك ابواب الرحمہ وملائکہ کلھم یستغفرون لك من فعل فعلك نجی کنجاتك۔

ترجمہ : ایک دن نبی کریم ﷺ صحابی ابو عامر انصاری کے گھر تشریف لے گئے ابو عامر اس وقت میلاد شریف کے واقعات اپنے بچوں ورشتہ داروں کو سنا رہے تھے اور وہ یہ بیان کرر ہے تھے۔ آج ہی کے دن یعنی (میلاد النبی ﷺ کا دن بہت برکت والا ہے) حضور نبی کریم ﷺ نے محفل سن کر فرمایا: اللہ نے تمہارے لئے رحمت کے دروازے کھول دیئے ہیں اور تمام فرشتے بخشش کی دعا کرر ہے ہیں اور جو بھی تمہاری طرح کرے گا وہ نجات یافتہ ہے۔ (کتاب التنویر فی مولد سراج المنیر۔بحوالہ الدر المنظم فی بیان حکم مولد النبی الاعظم ﷺ عربی ص ۹۶۔۹۷۔از شیخ محدث عبدالحق الہ آبادی حسب الارشاد حاجی امداد اللہ مہاجر مکی) دیکھئے عکس نمبر4

خیال رہے مذکورہ کتاب الدر المنظم حضرت محترم حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کی تصدیق کے ساتھ شائع ہوئی

☆ حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جس نے میلاد النبیؐ پر ایک روپیہ خرچ کیا گویا کہ وہ غزوہ میں حاضر ہوا۔ (نعمت کبریٰ)

☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جس نے میلاد شریف کی خوشی میں تین روٹیاں خیرات کیں اسے بھی بہت اجر ملے گا۔

(وجیز الصراط فارسی طبع مؤسسۃ الشرف لاہور از علامہ قاضی محمد فیض عالم بحوالہ الشمائلی "رسائل خمسہ" عابد سندھی۔ طبع مکتبہ غوثیہ کراچی)

عکس الدر المنظم

وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ

عکس نمبر 4

الدر المنظم فی بیان حکم مولد النبی الاعظم

اشاعت اول کا سب ٹائٹل

طبع فی مطبع [illegible]

عکس نمبر 4 95

است کہ محتاج تشریح و تفصیل نیست انتہی باختصار و التقاط و ایضاً قال العلامۃ المحدث مولوی عبد

اللہ المرحوم بعد نقل العبارات المنقولۃ عن العلماء و الاعلام حیث کمال و فذلکۂ کلام درین مقام کہ مستفاد

از عبارات منقولہ علماء اعلام است اینکہ عمل مولد شریف و تعیین ماہ و روز برای آن بلا ارتیاب از

امور مستحبہ و مستحسنہ و بدعات حسنہ و موجب اجر جزیل و خیر جمیل است پس درین شک نیست کہ شہر ربیع الاول

ہمچنان روز دو شنبہ بسبب شرف ولادت با سعادت آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والتحیۃ واجب التعظیم و لائق

احترام و التکریم است کہ تشریف و تکریم ظرف مکان و زمان بہ تشریف و تکریم مظروف شدہ و تعیین روز دو شنبہ کہ ثابت بقول و فعل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم است اصل قوی برای تعیین عمل مولد شریف

و برای صوم عاشوراء و اعادۂ عقیقہ قرار دادہ اند و اگر زیادہ تر ازینہمہ کہ بمعرض بیان آمدہ سند عمل مولد

شریف مطلوب است بشنید و تائید سماوی را بدیدۂ حق بین باید دید کہ مولانا شیخ ابو الخطاب علیہ الرحمہ

کہ در ابتدای تالیف رسالۂ میلاد شریف بنام نامی یمین علاوہ افتادہ و در رسالۂ خود ش کہ مسمی بہ تنویر است

منقولست عن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما انہ کان یحدث ذات یوم فی بیتہ وقائع ولادتہ

صلی اللہ علیہ وسلم لقوم فیستبشرون ویحمدون اللہ ویصلون علیہ علیہ السلام فاذا جاء النبی صلی اللہ علیہ

وسلم قال حلت لکم شفاعتی و نیز دران رسالہ از ابو درداء رضی اللہ تعالی عنہ مرویست عن النبی صلی اللہ

علیہ وسلم الی بیت عامر الانصاری وکان یعلم وقائع ولادتہ علیہ السلام لابنائہ وعشیرتہ ویقول ہذا

الیوم ہذا الیوم فقال علیہ الصلاۃ والسلام ان اللہ فتح لک ابواب الرحمۃ والملائکۃ کلہم یستغفرون

لک من فعل فعلک نجی نجاتک انتہی بمجرد آنکہ ورود در سلوک صدق و وثوق این

روایت با بشارت ملاحظہ رود کہ بیا نگہ مبتدعہ دامی ابجند منادی باہل اہل برای بیان مولد

شریف در قرنیست کہ مصداق خیر القرون قرنہ بودہ است و فعلیکہ مستوجب حلت شفاعت

آنحضرت علیہ الصلاۃ والتحیۃ و فتح ابواب رحمت و استغفار تمام ملائکہ و نجات از عذاب بباد

آخرت بود فاعل خود ش باشد چہ جای اباحت و استحباب اگر بوجہ پیش قائل شوند و آنرا بدعت

شمارند چنانچہ بعض از اکابر علمائے آن تصریح کردہ اند البتہ قابل قبول علما و فحول فضلاست انتہی

محدث جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ علامہ محدث ابوخطاب ابن ذحیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اربل (عراق) کے بادشاہ ابوسعید مظفر کو کبری جسکا ظاہر وباطن بڑا صاف تھا وہ ہرسال ۱۲ ربیع الاول کو جلسہ میلادُ النبی (جو بہت بڑی کانفرنس کا سرکاری سطح کرتا) تھا۔

اس کا یہ جذبہ محبت دیکھ کر علامہ ابن دحیہ نے ۶۰۴ھ ہجری میں یعنی آٹھ سو گیارہ ۸۱۱ سال قبل میلاد پاک کے موضوع پر کتاب لکھی جس کا نام "التنویر فی مولد السراج المنیر" رکھا یہ کتاب بذات خود ملک مظفر رحمۃ اللہ علیہ کو حرف حرف پڑھ کر سنائی سلطان بہت خوش ہوا اور علامہ صاحب کو انعام سے نوازہ۔

ابن خلکان فرماتے ہیں ہم سے اس کتاب کو ۶۲۵ھ میں سلطان مظفر نے چھ مجالس (جلسوں) میں سنی۔ اس عہد میں شمع بردار جلوس بھی نکالا جاتا تھا محفل وجلوس کے اختتام پر تبرک تقسیم کیا جاتا تھا۔

(الحاوی للفتاوی ص ۱۹۰ ج ۱، از علامہ سیوطی حجۃ اللہ علی العالمین فی معجزات سید المرسلین ص ۳۸۱ ج ۱، اردو)

تلمس کے بادشاہ ابوحموموسی تلمسانی بھی اپنے عہد میں باقائد تمام رات محفل میلاد کا اہتمام کرتا اور نعت خوانی وتقارریں ہوتی تھیں۔

(حجۃ اللہ علی العالمین ص ۳۸۰ ج ۱، اردو بحوالہ نفع الطیب)

خوشخبری

عنقریب کتاب التنویر (علامہ مفتی محمد عباس رضوی مدظلہ العالی) کی تحقیق وتخریج کے ساتھ طبع ہو رہی ہے۔

☆ حضرات صحابہ کرام کی روایت کی مآخذ کتاب کے بارے علامہ ابن کثیر نے بلاتردید لکھا ہے کتاب "التنویر فی مولد البشیر والنذیر" جو مصنف محقق علامہ شیخ ابوالخطاب ابن دحیہ نے لکھی ہے۔ (البدایہ والنہایہ ص ۱۳۷ ج ۱۳، ۱۵) بلکہ تعریف لکھی ہے۔

☆ محدث سیوطی جلال الدین رحمۃ اللہ علیہ نے ایسا ہی لکھا ہے یعنی کتاب ذکر فرمایا ہے۔

(الحاوی للفتاوی ص ۱۹۰ ج ۱، حسن المقصد یہ کتاب ۶۰۴ھ میں لکھی گئی۔)

☆ علامہ محمد یوسف نبہانی نے بھی خوب صورت انداز میں کتاب کا ذکر کیا ہے۔

(حجۃ اللہ علی العالمین ۳۸۱ ج ۱)

☆ علامہ محمد شامی صاحب سبل الہدیٰ والرشاد نے بھی لکھا ہے (جلد اول صفحہ ۳۲۴)

☆ شیخ محمد رضا مصری نے بلاتردید کتاب کا ذکر فرمایا ہے۔ (محمد رسول اللہ ﷺ)

☆ علامہ علی بن برہان الدین حلبی نے بھی ذکر فرمایا (سیرۃ الحلبیۃ ۱۳۷ ج ۱)

(سیر الاعلام النبلاء جلد ۱۵ صفحہ ۱۶۶، از علامہ ذہبی)

بعض نے نام اس طرح لکھا ہے (التنویر فی مولد السراج المنیر)

پرچم لہرائے گئے

جب سید عالم والی مکہ ﷺ کی ولادت باسعادت کا وقت آیا تو نصب علم بالمشرق وعلم بالمغرب وعلم علی ظهر الكعبة۔ یعنی تین جھنڈے لگا دیئے گئے ایک مشرق میں دوسرا مغرب میں تیسرا کعبۃ اللہ کی چھت پر۔ نعرے بھی لگائے گئے۔ اظهروا یارسول اللہ اظهر یاسید المرسلین۔

(بیان المیلاد النبی ﷺ ص ۵۱، محدث ابن جوزی ۵۹۷ھ، خصائص الکبریٰ ص ۱۲۰ ج ۱، مولد العروس ص ۱۷ محدث ابن جوزی، معارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۶، شواہد النبوۃ ج ۲، المواہب الدنیہ ص ۱۱۴ ج ۱، نسیم الریاض ص ۲۷۵ ج ۱، ماثبت بالسنۃ ص ۲۹۱، الشمامۃ العنبریہ ص ۹) دیکھئے عکس نمبر 5

یومِ میلاد پر جشنِ چراغاں

آسمانوں میں ستونِ میلاد

آپ ﷺ کی ولادت شریف کے وقت تمام آسمانوں میں (زبرجد یا قوت کے) ستون لگائے گئے یک زبرجد کا ایک یاقوت کا جس سے تمام آسمان روشن ہو گئے۔ شب معراج رسول اللہ ﷺ نے ان کو ملاحظہ فرمایا وہاں حاضر فرشتوں نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ یہ ستون آپ کی ولادت کی خوشی میں بنائے گئے ہیں۔ یعنی میلاد شریف کی یادگاریں ہیں۔ (خصائص الکبریٰ ص ۱۱۸ ج ۱)

منکرینِ میلاد کی میلاد دشمنی

محدث جلیل امام جلال الدین سیوطی صاحب تفسیر جلالین نے اپنی مقبول و مشہور کتاب الخصائص الکبریٰ میں رسول اللہ ﷺ کی ولادت باسعادت و پیدائش مبارک کے معجزات مبارکہ کے سلسلہ میں ایک روایت اس طرح نقل فرمائی ہے کہ کلما مولد النبی ﷺ امتلات الدنیا کلھا نورا وتباشرتا لملائکة وضرب فی کل سماء عمود م زبرجد ومن یاقوت قد استنار به فھی معروفة فی اسماء الحدیث۔ (خصائص الکبریٰ ص ۱۱۸ ج ۱) دیکھئے عکس نمبر5

ترجمہ:۔ جب نبی ﷺ کی ولادت ہوئی تمام دنیا نور سے بھر گئی اور فرشتوں نے خوشیاں منائیں اور ہر آسمان میں زبرجد اور یاقوت کے ستون بنائے گئے جن سے آسمان روشن ہو گئے ان ستونوں کو رسول اللہ ﷺ نے شب معراج دیکھا تو آپ کو بتایا گیا کہ یہ ستون آپ کی ولادت کی خوشخبری کیلئے بنائے گئے۔ (بحوالہ خصائص الکبریٰ ص ۹۵ ج اطبع اردو فرید بک سٹال لاہور)

نشاندہی:۔ اصل خصائص الکبریٰ اور اسکے ترجمہ میں ضرب فی کل سماء اور ہر آسمان میں زبرجد اور یاقوت کے ستون بنائے گئے کے الفاظ مبارکہ ہیں۔ ''دار الکتب الحدیثیه'' کی شائع کردہ الخصائص الکبریٰ میں ضرب فی کل سماء کے الفاظ نکال دیئے ہیں اور اس کی بجائے فی عمود من زبرج کے من گھڑت الفاظ شائع کر کے ایک بے مقصد اور مہمل عبارت بنادی ہے تاکہ ہر آسمان میں نوری ستون بنائے جانے سے جو ولادت نبوی و شان محمدی کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ اس کا پتہ نہ چلے۔

علیه وسلم وقع على يدى فاستهل فسمعت قائلا يقول رحمك الله و رحمك ربك قالت الشفاء فاضاء لى ما بين المشرق والمغرب حتى نظرت الى بعض قصور الروم قالت ثم البسته واضجعته فلم انشب ان غشيتني ظلمة و رعب وقشعريرة عن يميني فسمعت قائلا يقول اين ذهبت به قال الى المغرب واسفر ذلك عني ثم عاود في الرعب والظلمة والقشعريرة عن يسارى فسمعت قائلا يقول اين ذهبت به قال الى المشرق قالت فلم يزل الحديث مني على بال حتى ابتعثه الله فكنت في اول الناس اسلاما۔

واخرج ابونعيم عن عمرو بن قتيبة قال سمعت ابي وكان من اوعية العلم قال لما حضرت ولادة آمنة قال الله للملائكة افتحوا ابواب السماء كلها وابواب الجنان كلها وامر الله الملائكة بالحضور فنزلت تبشر بعضها بعضا وتطاولت جبال الدنيا وارتفعت البحار وتباشر اهلها فلم يبق ملك الا حضر واخذ الشيطان فغل سبعين غلا والقي منكوسا في لجة البحر الخضراء وغلت الشياطين والمردة والبست الشمس يومئذ نورا عظيما واقيم على راسها سبعون الف حوراء في الهواء ينتظرون ولادة محمد صلى الله عليه وسلم وكان قد اذن الله تلك السنة لنساء الدنيا ان يحملن ذكورا كرامة لمحمد صلى الله عليه وسلم وان لا تبقى شجرة الا حملت ولا خوف الا عاد امنا فلما ولد النبي صلى الله عليه وسلم امتلأت الدنيا كلها نورا وتباشرت الملائكة وضرب في كل سماء عمود من زبرجد وعمود من ياقوت قد استنار به فهي معروفة في السماء قد رآها رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلة الاسراء قيل هذا ما ضرب لك استبشارا بولادتك وقد انبت الله ليلة ولد على شاطئ نهر الكوثر سبعين الف شجرة من المسك الاذفر جعلت ثمارها بخور اهل الجنة وكل اهل السموات يدعون الله بالسلامة ونكست الاصنام كلها واما اللات والعزى فانهما خرجا من خزانتهما وهما يقولان ويح قريش جاءهم الامين جاءهم الصديق لا تعلم قريش ماذا اصابها واما البيت فايا ما سمعوا من جوفه صوتا وهو يقول الآن يرد علي نوري الآن يجيئني زواري الآن اطهر من انجاس الجاهلية ايتها العزى هلكت ولم تسكن زلزلة البيت ثلاثة ايام ولياليهن وهذا اول علامة رأت قريش من مولد رسول الله صلى الله عليه وسلم۔

واخرج ابونعيم عن ابن عباس قال كان من دلالات حمل رسول الله صلى الله عليه وسلم ان كل دابة كانت لقريش نطقت تلك الليلة وقالت حمل برسول الله صلى الله عليه وسلم ورب الكعبة وهو امان الدنيا وسراج اهلها ولم تبق كاهنة في قريش ولا في قبيلة من قبائل العرب الا حجبت عن صاحبتها وانتزع علم الكهنة منها ولم يبق سرير ملك من ملوك الدنيا الا اصبح منكوسا والملك مخرسا لا ينطق يومه ذلك ومرت وحش المشرق الى وحش المغرب بالبشارات وكذلك اهل البحار يبشر بعضهم بعضا له في كل شهر من شهوره نداء في الارض ونداء في السماء ان ابشروا فقد آن لابي القاسم ان يخرج الى الارض ميمونا مباركا قال وبقي في بطن امه تسعة اشهر كملا لا تشكو وجعا ولا ريحا ولا مغصا ولا ما يعرض للنساء ذوات الحمل وهلك ابوه عبد الله وهو في بطن امه فقالت الملائكة الهنا وسيدنا بقي نبيك هذا يتيما فقال الله انا له ولي وحافظ ونصير وتبركوا بمولده فمولده ميمون مبارك وفتح الله

کوثر کے کنارے درخت

☆اور نہر کوثر کے کنارے پر مشک وعنبر کے ستر ہزار درخت لگائے گئے ہیں۔

(خصائص الکبری ص ۱۷ا ج ا۔ دیکھئے عکس نمبر5۔ الدرالمنظم ص ۹۲)

☆جنت میں خوشبو انہیں کے پھل پتوں کی ہوگی۔ (خصائص الکبری ص ۹۵ ج ۱)

ہمیں علماء کرام واولیاء عظام کے راستہ پر چلنے کا حکم

اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ

اے اللہ ہم کو سیدھے راستے پر چلا ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا (سورۃ الفاتحہ)

اللہ کے فرمان ہے اُولِی الۡاَمۡرِ مِنۡهُمۡ ،،کی تفسیر کرتے ہوئے عثمانی دیوبندی صاحب لکھتے ہیں جب بڑے اس (کسی عمل وحکم) کی تحقیق تسلیم کرلیں تو ان کے موافق نقل کریں اور اس پر عمل کریں (حاشیہ شبیر احمد عثمانی دیوبندی، سورۃ النساء آیت نمبر ۸۳، پ ۵، تاج کمپنی لاہور)

علماء وفقہا مرجع خلایق ھیں

سعودی مطبوعہ تفسیر میں لکھا ہے اس سے مراد حکام وعلماء فقہاء کرام رضی اللہ عنہم ہیں۔

کہ یہ بھی دینی امور میں حکام کی طرح یقیناً مرجع عوام ہیں حاشہ قرآن زیر آیت نمبر ۵۹ سورۃ النساء

(طبع فہد قرآن کریم پرنٹنگ کمپلیکس مدینہ منورہ) دیکھئے عکس نمبر6

علماء وفقہا کی اطاعت واجب ھے

مفسر قرآن احمد یار خاں لکھتے ہیں حکم مانو عالم، فقیہہ، مرشد کامل، مجتہد کا یا دنیاوی حکومت والے جیسے اسلامی سلطان اسلامی حکام لیکن دینی حکام کی اطاعت دنیاوی حکام پر بھی واجب ہوگی۔ مگر ان دونوں کی اطاعت میں یہ شرط ہے کہ نص کے خلاف حکم نہ دیں۔

(تفسیر نور العرفان زیر آیت نمبر ۵۹ نساء)

عکس نمبر6

یہ قرآن
کریم مع ترجمہ و تفسیر
اللہ کے فضل و توفیق سے
شاہ فہد قرآن کریم پرنٹنگ کمپلیکس،
مدینہ منورہ، زیر نگرانی وزارت مذہبی
امور، اوقاف، دعوت وارشاد،
مملکت سعودی عرب، سنہ ۱۴۱۷ھ
میں طبع ہوا۔

حقوق طبع بحق ناشر محفوظ ہیں
شاہ فہد قرآن شریف پرنٹنگ کمپلیکس
پوسٹ بکس نمبر ۶۲۶۲ مدینہ منورہ

(۴) اولوالامر (اپنے میں سے اختیار والے) سے مراد بعض کے نزدیک امرا و حکام اور بعض کے نزدیک علما و فقہا ہیں مفہوم کے اعتبار سے دونوں ہی مراد ہو سکتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اصل اطاعت تو اللہ تعالیٰ ہی کی ہے کیونکہ ﴿ أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ ﴾ (الأعراف۔۵۴) "خبردار مخلوق بھی اسی کی ہے، حکم بھی اسی کا ہے" ﴿ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ﴾ (یوسف۔۴۰) "حکم صرف اللہ ہی کا ہے" لیکن چونکہ رسول ﷺ خالص منشاء الٰہی ہی کا مظہر اور اس کی مرضیات کا نمائندہ ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے ساتھ رسول ﷺ کے حکم کو بھی مستقل طور پر واجب الاطاعت قرار دیا اور فرمایا کہ رسول ﷺ

حاصل کلام

مذکورۃ بالا تفسیرات سے معلوم ہوا کہ محدثین مفسرین مجتہدین فقہائے دین اولیاء اسلام والا راستہ ہی سیدھا راستہ ہے کہ ہمیں ان کی اطاعت کا حکم بھی ہے۔ اسی کے پیش نظر امت کے مسلمہ (اکابرین سلف وصالحین کی تحقیقات وفتاوٰی جات کے ساتھ ساتھ مؤرخین وسیاحین کی تحریرات بشمول حرم کعبہ وحرم نبوی کے آئمہ کرام وخطباء ومدرسین کے بیانات اُنکے عکس کے ساتھ بسلسلہ ثبوتِ محافل میلاد النبی ﷺ پیش کئے جارہے ہیں۔ بالخصوص مکہ مکرمہ ومدینہ منورہ میں صدیوں سے جاری میلاد رسول عربی ﷺ کے تذکرے تحقیقی دلائل وتاریخی حقائق کے ساتھ پیش خدمت ہیں۔ (مَا توفیقی اِلا باﷲ)

آئیے حجاز مقدس عرب شریف مکہ مکرمہ مدینہ منورہ میں منعقد ہونے والی محافل میلاد رسول عربی ﷺ کے ایمان افروز نورانی وجدانی تاریخی بیان وتذکرے پڑھئے۔

میلاد رسول ﷺ دیارِ عرب میں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال السخاوی۔ وَاَمّا اهل مكّه معدن الخير والبركة فيتو جهون الى المكان المتواتربَيْن الناس انه محل مولده وهو سوق الليل رجاء بلوغ كل منهم بذلك المقصد ويذيد اهتمامهم به على يوم العبيد حتى قال ان يتخلف عنه احد من صالح وطالح ومقل وسعيد سيماالشريف صاحب الحجاز بدون توار وانحجاز قلت الآن سيما الشريف لابيان فى ذالك المكان وَلَا فى ذلك الذمانقال وجددقافيها وعالمها البرهانى الشافعى اطعام غالب الواردين وكثير من القاطنٰن المشاهدين فاخر الاطعمه والمحلوى ويمد للجمهور فى منزله صبُيحتها سماتاجامعاجاء للكشف البلوٰى وتبعه ولده الجمال فى ذالك۔ دیکھئے عکس صفحہ ۳۰ پر

(الموردی الروی فی المولد النبوی ۳۰-از محدثِ کبیر ملاّ علی قاری متوفی ۱۰۱۴ھ مطبوعہ مرکز تحقیقات اسلامیہ لاہور)

امت کے معروف و مُسلّمہ محدّث علامہ امام سخاوی فرماتے ہیں۔

اہل مکہ خیر و برکت کی کان ہیں۔ تمام مکی نبی پاک ﷺ کی جائے ولادت پر حاضری دیتے ہیں۔ تحقیق یہی ہے کہ جائے ولادت سوق اللیل میں یہی جگہ مبارک ہے۔

یوم عید کو اہل مکہ شریف اجتماعی طور پر خصوصی اہتمام کے ساتھ حاضر ہوتے ہیں۔ اس کی برکت سے حاجات بھر آتی ہیں

والیٔ حجاز، وقاضی برھانی شرینی کا انتظام کرتے

شریف والی حجاز بڑی دھوم دھام وعقیدت واحترام سے مولد مبارک پر حاضر ہوتا ہے اب وہاں کے قاضی برھانی شافعی صاحب انتظام کرتے ہیں محفل میلاد کے تمام حاضرین کو کھانا پیش کرنے کے بعد شرینی بھی تقسیم کرتے ہیں۔ (جزاهم الله تعالى فى الدارين)

امام محمد جار اللہ ابن ظہیرہ.... اہل مکہ کا جشن میلاد

جرت العادۃ بمکہ لیلۃ الثانی عشر من ربیع الاول کل عام ان قاضی مکۃ الشافعی یتھیاء لزیارۃ ھذا المحل الشریف بعد صلاۃ المغرب فی جمع عظیم منھم الثلاثۃ القضاۃ واکثر الاعیان من الفقھاء والفضلاء و ذوی البیوت بفوانیس کثیرۃ و شموع عظیمۃ وازدحام عظیم و یدعی فیہ للسلطان ولا میر مکۃ وللقاضی الشافعی بعد تقدم خطبۃ مناسبۃ للمقام ثم یعود منہ الی المسجد الحرام قبیل العشاء و یجلس خلف مقام الخلیل علیہ السلام بازاء قبۃ الفراشیین و یدعو الداعی لمن ذکر انفا بحضور القضاۃ و اکثر الفقھاء ثم یصلون العشاء و ینصرفون و لم اقف علی اول من ذالک سالت مورخی العصر فلم اجد عندھم علما بذالک

ہر سال مکہ شریف میں ۱۲۔ ربیع الاول کی رات کو اہل مکہ کا یہ معمول ہے کہ قاضی مکہ جو کہ شافعی ہیں مغرب کی نماز کے بعد لوگوں کے ایک جم غفیر کے ساتھ مولد شریف کی زیارت کے لئے جاتے ہیں ان لوگوں میں تینوں مذاہب فقہ کے ائمہ ' اکثر فقہاء ' فضلاء اور اہل شہر ہوتے ہیں ان کے ہاتھوں میں فانوس اور بڑی بڑی شمعیں ہوتی ہیں وہاں جا کر مولد شریف کے موضوع پر خطبہ ہوتا ہے اور پھر بادشاہ وقت 'امیر مکہ اور قاضی شافعی (منتظم ہونے کی وجہ سے) کے لئے دعا کی جاتی ہے اور یہ اجتماع عشاء تک جاری رہتا ہے اور عشاء سے تھوڑا پہلے مسجد حرام میں آ جاتے ہیں مقام ابراہیم علیہ السلام پر اکٹھے ہو کر دوبارہ دعا کرتے ہیں۔ اس میں بھی تمام قاضی اور فقہاء شریک ہوتے ہیں۔ پھر عشاء کی نماز ادا کی جاتی ہے اور پھر الوداع ہو جاتے ہیں۔

جامع اللطیف صفحہ ۳۲۵ کا عکس، ملاحظہ کریں صفحہ ۱۶۶ پر

المورد الروی کا عکس

من القراء الصنتيتين[1]، المرجو كونهم مثبتين[2]، ولم ينزل واحد منهم إلا بنحو عشرين خلعة من السلطان، ومن الأمراء الأعيان، قال السخاوى قلت ولم يزل ملوك مصر خدام الحرمين الشريفين، ممن وفقهم الله لهدم كثير من المناكير والشين، ونظروا فى الرعية كالوالد لولده، وشهروا أنفسهم بالعدل فأسعفهم الله بجنده ومدده، كالملك السعيد الشهيد الظاهر المصدق، أبى سعيد جمقمق، يعتنون به، ويتوجهون لطريق سببه، بحيث ارتفعت جوق القراء فى أيامه بيقين، للزيادة على الثلاثين، فذكروا بكل جميل، وكفوا من المهمات كل عريض وطويل، وأما ملوك الأندلس والغرب فلهم فيه ليلة تسير بها الركبان يجتمع فيها أئمة العلماء الأعلام فمن يليهم من كل مكان وتعلوها بين أهل الكفر كلمة الإيمان، وأظن أهل الروم لا يتخلفون عن ذلك، اقتفاء بغيرهم من الملوك فيما هنالك، وبلاد الهند تزيد على غيرها بكثير، مما أعلمنيه بعض أولى النقد

(۱) الصنتيت كالصنديد وزنا ومعنى قال فى القاموس والصنتيت الصنديد وقال فيه فى موضع آخر الصنديد الجواد أو الشريف.

(۲) أى مثبتين وجودهم بالفضائل العلمية.

المورد الروی کا عکس[29]

والتحرير ، قلت وأما العجم فن حيث دخول هذا الشهر المعظم ، والزمان المكرم ، لأهلها مجالس فخام ، من أنواع الطعام ، للفقراء الكرام، وللفقراء من الخاص والعامة، وقراءة الختمات، والتلاوات المتواليات ، والإنشادات المتعاليات وأجناس المبرات والخيرات ، وأنواع السرور ، وأصناف الحبور ،حتى بعض العجائز من غزلهن ونسجهن يجمعن مايقمن بجمعهن الأكابر والأعيان ، وبضيافتهن مايقدرون عليه فى ذلك الزمان ، ومن تعظيم مشايخهم وعلمائهم هذا المولد المعظم ، والمجلس المكرم، أنه لا يأباه أحد فى حضوره، رجاء إدراك نوره وسروره ، وقد وقع لشيخ مشايخنا مولانا زين الدين محمود الهمدانى النقشبندى ، قدس سره العلى ، أنه أراد سلطان الزمان ، وخاقان الدوران ، همايون بادشاه ، تغمده الله وأحسن مثواه أن يجتمع به، ويحصل له المدد والإمداد بسببه، فأباه الشيخ وامتنع أيضا أن يأتيه السلطان استغناء بفضل الرحمن ، فألح السلطان على وزيره بيرام خان ، بأنه لا بد من تدبير للاجتماع فى المكان ، ولو فى قليل من الزمان ، فسمع الوزير أن الشيخ لا يحضر فى دعوة من هناء وعزاء إلا فى مولد النبى عليه السلام تعظيما لذلك

محفل میلاد حل مشکلات اور بڑی عید کا دن

اہل مکہ مکرمہ ولادت با سعادت (۱۲ ربیع الاول) کو صبح ہی کو دعوت عام کا انتظام و اہتمام شروع کر دیتے ہیں۔ اور اُن کا یہ عقیدہ ہے کہ دعوت میلاد کی برکت سے مشکلات دور ہوتی ہیں۔ اور قاضی شافعی صاحب کے صاحبزادہ صاحب بھی اسی پر عمل کرتے ہیں۔ دیکھئے عکس نمبر 7

(المورد الروی صفحہ ۲۹ تا ۳۲)

ے جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

فوائد:۔ معلوم ہوا (۱) ۱۲ ربیع الاول کو جشن میلاد کا اجتماع کرنا (۲) حاضرین کی دعوت کرنا (۳) شرینی تقسیم کرنا اور (۴) محفل میلاد کو حل مشکلات و (۵) باعثِ برکات سمجھنا اہلِ اسلام وبالخصوص اہلِ مکہ کا عقیدہ ہے جو ایک عظیم محدث کی مستند تحریرِ پُر تنویر سے ثابت ہوا ہے۔

ربیع الاول کا چاند دیکھتے ہی تمام اہل اسلام کا خوشیاں منانا بالخصوص آٹھ سو سال قبل اہل حرمین الشریفین کا میلاد اجتماع کرنا۔

(شیخ از الاسلام والمسلمین محدث عظیم علامہ ابنِ جوزی رحمۃ اللہ متوفی ۵۹۷ھ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَقَدْ بَسَطَ الْکَلَامُ فِی تَرْغِیْبِ مَوْلِدِ النَّبِیِّ ﷺ فَلَانَ اٰل اَھْلُ الْحَرَمَیْنِ الشَّرِیْفَیْنِ وَالْمِصْرِ وَالشَّامِ وَسَائِرِ بِلَادِ الْعَرَبِ مِنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ یَحْتَفِلُوْنَ بِمَجْلِسِ مَوْلِدِ النَّبِیِّ ﷺ وَیَفْرَحُوْنَ بِقُدُوْمِ هَلَالِ شَهْرِ رَبِیْعِ الْاَوَّلِ وَیَغْتَسِلُوْنَ وَیَلْبِسُوْنَ بِالثِّیَابِ الْفَاخِرَۃِ۔

(بیان المیلاد النبوی للمحدث ابن الجوزی صفحہ ۷۰)

ترجمہ:۔ تمام تعریفیں اللہ رب العٰلمین کے لئے ہیں اسے کے بعد یہ تحقیقی و یقینی بات کے محفل میلاد النبی ﷺ کے فضائل وجواز بیر (متعدد علماء دین نے) بہت کچھ تحقیق سے لکھا ہے۔ اور یہ عمل (میلاد شریف) مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ مصر و یمن و شام، تمام بلاد عرب اور مشرق و مغرب ہر جگہ کے رہنے والے مسلمانوں میں جاری ہے اور میلاد نبی ﷺ کی محفلیں قائم کرتے اور لوگ جمع ہوتے ہیں اور ماہ ربیع الاول کا چاند دیکھتے ہی خوشیاں کرتے۔

ماشاء اللّٰہ لك الحمد یااللّٰہ والصلوٰۃ والسلام علیك یارسول اللّٰہ ﷺ

معلوم ہوا اہل اسلام و پاکستان، مکہ و مدینہ، مصر و یمن و شام کے تمام شہروں میں محفل میلاد کا سلسلہ جاری ہے سرکاری دو دن تعطیل اور اسلامی جمہوریہ پاکستان میں بھی حکومتی سطح پر عید میلاد کی سرکاری تعطیل ہوتی ہے۔ اس سال وزیر اعظم محمد یوسف رضا گیلانی نے دو چھٹیوں کا اعلان کیا تھا۔ یہ طریق محبت صدیوں قبل سے چلا آرہا ہے جیسا کہ علامہ نے الحاوی میں لکھا ہے۔ دیکھئے صفحہ 48

ماشاء اللّٰہ لك الحمد یااللّٰہ والصلوٰۃ والسلام علیك یارسول اللّٰہ ﷺ

عالمی حقیقت یعنی انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کا تاریخی فیصلہ

از (مطبوعہ پنجاب یونیورسٹی لاہور (حکومت پاکستان) میں لکھا ہے کہ "عملاً پوری دنیائے اسلام میں اس روز میلاد کی خوشی اور مسرت کا سماں ہوتا۔۔۔ آج تمام اسلامی دنیا میں جشنِ عید میلادُالنبی ﷺ متفقہ طور پر منایا جاتا ہے،، (صفحہ ۲۶_۸۲۴ جلد ۲۱)

ماشاء اللّٰہ لك الحمد یااللّٰہ والصلوٰۃ والسلام علیك یارسول اللّٰہ ﷺ

مکہ مکرمہ میں ہفتہ روزہ محفل میلادُالنبی ﷺ اور بارہ ربیع الاول کا سالانہ اجتماع

امامِ کعبہ شیخ محمد قطب الدین حنفی لکھتے ہیں اہل مکہ شریف ہر سال جائے ولادت پہ حاضری دیتے ہیں بلکہ ہر سوموار کو وہاں محفل میلاد کا انعقاد ہوتا ہے۔

دوسرے مقام پر لکھتے ہیں ہر سال بارہ ۱۲ ربیع الاول کو بسلسلہ میلاد اجتماع ہوتا ہے جس میں علاقہ بھر کے علماء و فقہا شامل ہوتے ہیں۔

حرمِ مکہ کے چاروں مسالک کے قاضی (چیف جسٹس) صاحبان و گورنروں

مشعل بردار جلوس:۔ کا مشعل بردار جلوس ہوتا اور حاضرین کی کثیر تعداد کی وجہ سے مکان ولادت پر اجتماع گاہ کم محسوس ہوتی ہے اور پھر آئندہ صفحہ 40 پر پڑھیے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاھِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا

درذکرولادت باسعادت سرور کائنات علیہ التحیۃ والتسلیمات

مفت سلسلہ المسمّٰی بہ — تاریخ اشاعت دسمبر ۱۹۹۰

اشاعت نمبر ۵ — تعداد ۱۱۰۰ سو

بَیَانُ الْمِیْلَادِ النَّبَوِیِّ

لِلْمُحَدِّثِ ابْنِ الْجَوْزِیِّ

یعنی از تصنیف

علامہ ابوالفرج جمال الدین ابن جوزی محدث المتولد ۵۱۰ھ المتوفی ۵۹۷ھ

مترجمہ

فاضل جلیل علامہ مفتی حکیم سید غلام معین الدین نعیمی (کاکاخیل)

ناشر

دفتر جماعت اہلسنت پاکستان جامع مسجد مائی خیری فقیر کا پڑ حیدرآباد

اِلیٰ مَکَانِہٖ فَالتَأمَ شَقِّیْ وَصَدْرِیْ کَمَا کَانَ
نَقَمْتُ صَحِیْحًا سَالِمًا بِقُدْرَۃِ اللّٰہِ تعالیٰ فَقَالَتْ
حَلِیْمَۃُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ حَیَّاکَ وَعَافَاکَ
ثُمَّ اَخَذْتُ مُحَمَّدًا وَقَبَّلْتُہٗ وَضَمَمْتُہٗ اِلیٰ صَدْرِیْ
وَجِئْتُ بِہٖ اِلیٰ جَدِّہٖ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَسَلَّمْتُہٗ
اِلَیْہِ وَخَرَجْتُ مِنْ ضَمَانِہٖ وَکَفَالَتِہٖ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَقَدْ بَسَطَ
الْکَلَامَ فِیْ تَرْغِیْبِ مَوْلِدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
فَلِاَنَّ اَلَ اَھْلُ الْحَرَمَیْنِ الشَّرِیْفَیْنِ وَالْمِصْرِ وَالْیَمَنِ
وَالشَّامِ وَسَائِرِ بِلَادِ الْعَرَبِ مِنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ
یَحْتَفِلُوْنَ بِمَجْلِسِ مَوْلِدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
وَیَفْرَحُوْنَ بِقُدُوْمِ ھِلَالِ شَھْرِ رَبِیْعِ الْاَوَّلِ وَیَغْتَسِلُوْنَ
وَیَلْبَسُوْنَ بِالثِّیَابِ الْفَاخِرَۃِ وَیَتَزَیَّنُوْنَ بِاَنْوَاعِ
الزِّیْنَۃِ وَیَتَطَیَّبُوْنَ وَیَکْتَحِلُوْنَ وَیَاْتُوْنَ
بِالسُّرُوْرِ فِیْ ھٰذِہِ الْاَیَّامِ وَیَبْذُلُوْنَ عَلَی النَّاسِ
بِمَا کَانَ عِنْدَھُمْ مِنَ الْمَضْرُوْبِ وَالْاَجْنَاسِ وَ
یَھْتَمُّوْنَ اِھْتِمَامًا بَلِیْغًا عَلَی السَّمَاعِ وَالْقِرَاءَۃِ لِمَوْلِدِ
النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَیَنَالُوْنَ بِذٰلِکَ
اَجْرًا جَزِیْلًا وَفَوْزًا عَظِیْمًا وَمِمَّا جُرِّبَ عَنْ ذٰلِکَ
اَنَّہٗ یُوْجَدُ فِیْ ذٰلِکَ الْعَامِ کَثْرَۃُ الْخَیْرِ وَالْبَرَکَۃِ
مَعَ السَّلَامَۃِ وَالْعَافِیَۃِ وَسَعَۃِ الرِّزْقِ وَالْاِزْدِیَادِ

المورد الروي في المولد النبوي

تأليف

الإمام الحافظ المحدث الشيخ الملا علي قاری

المتوفى سنة ١٠١٤ بمكة المكرمة

تحقيق وتعليق

محمد بن علوي بن عباس المالكي الحسني

الطبعة الأولى

١٤٠٠هـ — ١٩٨٠

المورد الروی کا عکس

المقام،فأنهى إلى السلطان،فأمره بتهيئة أسبابه الملوكانية،من أنواع الأطعمة والأشربة ومما يشم به ويتبخر فى المجالس العلمية ، ونادى الأكابر والأهالى، وحضر الشيخ مع بعض الموالى، فأخذ السلطان الإبريق بيد الأدب ومعاونة التوفيق، والوزير أخذ الطشت من تحت امره ، رجاء لطفه ونظره ، وغسلا يد الشيخ المكرم ، وحصل لهما بركة تواضعهما لله ولرسوله صلى الله تعالى عليه وسلم ، المقام المعظم والجاه المفخم ، قال السخاوى وأما أهل مكة ، معدن الخير والبركة ، فيتوجهون إلى المكان المتواتر بين الناس إنه محل مولده [١] ، وهو فى سوق الليل رجاء بلوغ كل منهم بذلك لمقصده ، ويزيد اهتمامهم به على يوم العيد ، حتى قل أن يتخلف عنه أحد من صالح وطالح ومقل وسعيد سيما الشريف صاحب الحجاز، بدون توار [٢] والحجاز ، قلت الآن ، سيما الشريف لايبان ، فى ذلك المكان ، ولا فى ذلك الزمان ، قال وجدد قاضيها وعالمها البرهانى

---

(١) وقد صار الآن موضعا لحفظ الكتب العلمية محافظة عليه واهتماما به .

(٢) التوارى مصدر رمز باب التفاعل بمعنى الاستخفاء والاستتار يقال وارىت الشىء فتوارى هو أى استتر .

عکس نمبر 7
۳۱
المورد الروی کا عکس

مكتبة الرشد

الرياض

وكذلك ما يحدثه بعض الناس ، إما مضاهاة للنصارى في ميلاد عيسى عليه السلام ، وإما محبة للنبي صلى الله عليه وسلم ، وتعظيماً . والله قد يثيبهم

ابن تیمیہ نے لکھاہے۔کہ میلاد شریف کی محفل کرنے والے کوضرور ثواب ملے گا۔

اس حوالہ کی تائید "ہفتہ روزہ اہلحدیث لاہور ۱۵ مئی ۱۹۷۰ء میں مولوی احسان الٰہی ظہیر نے کی ہے۔(ماخوذ)

میلادُ الرَّسُول صلی اللہ علیہ وسلم

اُردو ترجمہ

بُلوغ المأمول فِی الاِحتفاءِ والاِحتفالِ بمولدِ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

المصنف:۔ ڈاکٹر عیسیٰ بن عبداللہ بن مانع الحمیری دوبئ

مترجم

قاری الٰہی بخش خریج جامعہ ام القریٰ بمکۃ المکرمۃ

طبع بتعاون

كلية القرآن الكريم رجسٹرڈ لاهور پاکستان گلفشاں ٹاؤن

اور اس جیسی بیشمار مثالیں موجود ہیں صحیح بخاری شریف کا مطالعہ کیجئے خاص طور پر (کتاب الادب باب مایجوز من الشعر والرجز والحداء ومایکرہ منہ وباب المعاریض مندرقرعن الکذب)۔

اور صحیح مسلم شریف کتاب الشعر کے اوائل میں دیکھیے۔

۱۱ شیخ ابن تیمیہ اپنی کتاب (اقتضاء الصراط المستقیم فی مخالفۃ اصحاب الجحیم) میں فرماتے ہیں' حضرت امام احمد ابن حنبل رحمۃ اللہ علیہ مندرجہ ذیل ارشاد فرماتے ہیں مجھے خبر ملی ہے کہ انصار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے قبل کہنے لگے ہم اس دن کے اجتماع کے بارے غور کرنے لگے جس دن اللہ تعالیٰ نے ہم پر اپنا خصوصی انعام فرمایا تو طے پایا کہ ہفتہ کے دن جمع ہوں' پھر کہنے لگے کہ یہود کے اجتماع کے دن ہم اجتماع نہیں کریں گے' پھر کہنے لگے اتوار کو اجتماع ہونا چاہیے' پھر سوچا کہ عیسائیوں کے اجتماع کے دن بھی نہیں' پھر اس بات پر متفق ہوئے کہ یوم العروبۃ یعنی جمعہ کے دن اجتماع کریں گے' چنانچہ ابی امامہ اسعد بن زرارہ کے گھر اجتماع ہوا' بکری ذبح کی گئی جسے انہوں نے تناول فرمایا۔

آپ غور کیجئے اس حدیث پاک سے مندرجہ ذیل امور مستفید ہو رہے ہیں۔

۱۔ اس واقعہ کا تعلق ایک نئے امر سے ہے' لیکن یہ واضح طور پر سمجھ آ رہا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے عمل سے منع فرمایا جس کی اصل شرعی اصولوں کے مطابق ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دن کے اجتماع کو ثابت رکھا بجائے اس کے کہ صحابہ کرام آپ کی اجازت کا انتظار فرمائے یا آپ حکم ارشاد فرماتے'

۲۔ اس حدیث سے یہ بھی استدلال کیا جا سکتا ہے جیسے کہ علامہ ابن تیمیہ نے استدلال کیا ہے۔ یہود و نصاریٰ کی مخالفت تمام امور میں ضروری ہے جس میں ان کے طور طریقے پائے جاتے ہوں خاص طور پر عبادات میں'

۳۔ اس حدیث سے یہ بھی سمجھا جا سکتا ہے کہ نعمت الٰہی کو یاد رکھنا اور اس کا ذکر کرنا مستحب ہے' جیسا کہ حدیث انصار سے ماخوذ ہے' کہ جس دن اللہ تعالیٰ نے انہیں اسلام کی دولت سے نوازا اور انعام فرمایا اور ان کا اس دن کے بارے بحث کرنا تاکہ وہ اپنی اس سعادت پر اس دن مل کر خوشی اور حسرت کا اظہار کریں'

مخزن احمدی میں سید احمد غیر مقلد وہابی جہاز میں سفر کر رہے تھے جہاز طوفان کے خطرہ میں آ گیا آخر جب جہاز خطرہ سے نکل گیا تو اُس کے شکر میں جہاز ہی میں حلوہ تیار کر کے محفل میلاد منعقد کی گئی۔ تلاوت، نعت کے بعد حلوہ تقسیم کیا گیا۔ (مخزن احمدی صفحہ ۸۵ مکتبہ مفید آگرہ از قلم مولوی محمد علی)

ومن یتوکل علی اللہ فہو حسبہ

۱۲۹۹ھ

مخزن احمدی

حسب الحکم جناب یمین السلطنہ وزیر الملک نواب محمد علی خان صاحب بہادر صولت جنگ دام اقبالہ

در مطبع عام مفید آگرہ زیور طبع پوشید

عکس مخزن احمدی

بچسپند تمام خویش بگشند القصه از کناره سنگلدیپ انتهاض نموده بعد از قابری دریا
نوردی وقت صبح قلعه لنکا نمودار گشت تیز بینان که نظر خود بدانجانب بگماشتند میگفتند
که شبحی بطور کوه سرخ در مواجی دریای بنظر می آید چون از معلم پرسیده شد گفت که
همین قلعه لنکا است و از غایت تموج و اضطراب دریا گاهی پدیدار میشود و گاهی
پنهان میگردد معلمان عربی این را قلعة العفاریت میگویند و سیت بند را ایکه محاذات
لنکا تا کنار دریا دراز دسطرل نمودار میشود نزد هنود ان مشهور به بلرام است که وقت
مقابله راون بدریا بسته بود و الی الآن زیارتگاه هنود انست و بر هر کس از تمام
امروز وقت شب یاد الهی و تسبیح و تهلیل نامتناهی و استغفار از جمیع جرائم و مناهی
واجب و متحتم است چون شب در آمد آنحضرت بعد از نماز عشا یمین حزب البحر مذکور
را امشب سه بار بخوانند و میفرمودند که عفاریت و شیاطین اگر زهره تقابل با این
گروه قلیل بیدار ندارند اینک گوی و اینک میدان و دران شب تاریک آنحضرت اکثر
بیدار می بودند و مانند پاسبانان دور و سیر گاه بالا و گاه زیر مرة بعد اخری کرة
بعد اولی در تمام جهاز میفرمودند تا آنکه شب بپایان رسید و صبح صادق بدمید
و جهاز از مکان خوف و هولناک بخیریت تمام بدر آمد و هر گاهیکه روز روشن شد
ناخدا چند طبق حلوای از حجرهٔ خویش بیرون آورده مجلس مولود شریف منعقد
کرده بعد از اختتام قصاید مولودیه شیرینی تقسیم نمود در روز سوم شخصی از کسان
جهاز دیگر که در سلک قافله ما منسلک بودند بر زورق نشسته بر جهاز ما آمد و حال

۸۵

الشمامة العنبرية

من

مولد خير البرية

سنہ ۱۳۰۵ھ

تکریم المؤمنین بتقویم

مناقب الخلفاء الراشدین

سنہ ۱۳۰۰ھ

تصنیف نواب والاجاہ سید محمد صدیق حسن خان مرحوم مغفور

اب فقط نام اسلام کا رہ گیا ہی راہ و رسم ایمان محو ہو گئی اخلاق اسلامیہ
بالکل مسلمین مین سے جاتی رہی منکر معروف و معروف منکر ٹھہر گیا جو دشمنی
غیر اہل اسلام کو ساتھہ اسلام کے تہی اب وہ دشمنی آپسمین مسلمانون کے ظاہر
ہو گئی و کان امر اللہ قدرا مقدورا یہ سب علامات ہین قرب ساعت کبری
کے اتفاق اہل اسلام زمانۂ گذشتہ مین رشک غیر اسلام تہا اور یہی اتفاق
سبب ترقی دین و عروج مومنین و موجب قوت و سطوت و صولت و شوکت
تہا اغیار پر اب عکس القضیہ ہو گیا اہل اسلام نے علوم و اعمال کو چہوڑ کر رسوم
و افعال پر اختلال پر قناعت کی اور اس اسم و رسم کو موجب نجات اخروی سمجھہ لیا ہی لیکن

بوقت صبح شود ہمچو روز معلومت　که با که باختۂ عشق در شب دیجور

ستعلم لیلی ای دین تداینت　و ای غریم فی التقاضی غریمہا

اللہ تعالی ہمکو اور جملہ اہل اسلام کو ایسی توفیق خیر رفیق حال کرے کہ ہم ہر روز
کسی قدر ذکر میلاد شریف کتب معتبرہ سے خود پڑہین یا کسی محب صادق متبع
واثق سے سن لیا کرین فقط کسی یوم و ماہ و تاریخ معین پر قصر نکرین ایک صحابی
نے کہا تہا کہ مین سارے دعوات کے عوض درود ہی پڑہا کرونگا فرمایا اذن
یکفی ہمک و یغفر ذنبک ہمنے جسقدر رسائل مروجہ مولود شریف نظماً و نثراً دیکھے
وہ سب یا اکثر یا غالبا مشتمل ہین روایات غیر صحیحہ پر یا او نمین اقوال صحیحہ و احوال
ثابتہ بعد و انامل یا حرکات عوامل ہین باقی خیریت رہے قصائد و غزلیات

بانی دارالعلوم دیوبند اور محفل میلاد شریف

سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ

(حصہ دوم)

محمد عبدالمجید صدیقی ایڈووکیٹ

۲۳۲- دوسرے چلے کے بعد حاجی سید عابد حسینؒ موسس دارالعلوم دیوبند نے ایک شب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور صبح کو حضرت مولانا شاہ فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ وغیرہ کو بلا کر فرمایا کہ علم دین اٹھا جا رہا ہے کوئی تدبیر کرو تاکہ علم دین قائم رہے ورنہ پرانے عالم نہ رہیں گے اور کوئی مسئلہ بتانے والا نہ ملے گا۔ جب سے دہلی کا مدرسہ ختم ہوا ہے کوئی علم دین نہیں پڑھتا۔ سب نے کہا جو تجویز فرمائیں ہم کو منظور ہے۔ فرمایا چندہ کر کے مدرسہ قائم کرو اور ایک کاغذ پر اپنی رقم چندہ لکھ کر سامنے رکھ دیا اور فرمایا انشاء اللہ تعالیٰ ہر سال یہی چندہ دیتا رہوں گا۔ دیگر صاحبان نے بھی اسی کاغذ پر اپنی اپنی رقمیں لکھ دیں۔ اس کے بعد حاجی صاحبؒ باہر نکل کر جس کے مکان پر گئے اس نے آپ کی آمد باعث سعادت تصور کی اور شام تک چار سو ایک روپیہ آٹھ آنے جمع ہوئے اور مسجد چھتہ میں دارالعلوم کا افتتاح ہو گیا۔ ان ہی ایام میں ۱۲۸۲ھ میں خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت و تعین کے بعد حاجی صاحبؒ نے بنائے جامع مسجد تجویز فرمائی۔ حاجی صاحبؒ ہر جمعہ کو بعد نماز مغرب میلاد خوانی کراتے تھے جس میں کافی روپیہ صرف ہوتا تھا۔ پوری زندگی یہی معمول رہا (مخدوم صابر کلیریؒ از شبیر حسن چشتی نظامیؒ صفحہ ۲۰۲)

ابن حجر کی میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر لکھی گئی کتاب کا ٹائٹل

ذِكْرُ

مَوْلِدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ وَرَضَاعِہٖ

تألیف

الإمام الحافظ المؤرخ عماد الدین أبی الفداء إسماعیل بن عمر بن کثیر بصروی الدمشقی

(٧٠١-٧٧٤ ﻫ)

حققه

محمود الأرناؤوط   یاسین محمد السواس

ابن کثیر کی میلاد النبی ﷺ پر لکھی گئی کتاب کا ٹائٹل

عکس نمبر 23

دلائل محفل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

بلوغ المأمول فی الاحتفاء والاحتفال بمولد الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

تصنیف

ڈاکٹر عیسیٰ بن عبداللہ بن مانع الحمیری

مترجم

محدثِ کبیر حضرت علامہ مولانا محمد عباس رضوی مدظلہ العالی

تحشیہ وتتمہ

خادم مناظر اسلام قاری محمد ارشد مسعود اشرف چشتی

مکتبة المدینة المنورة

حافظ آباد فون: 0300-6522335

مکتبہ قادریہ

سرکلر روڈ میلاد مصطفےٰ چوک گوجرانوالہ فون: 055-4237699

عکس مترجم کتاب عیسیٰ مانع

عکس نمبر 23

70

علامہ عیسیٰ مانع الحمیری المدیر المعام دائرۃ الاوقاف والشون الاسلامیہ دبئی کا فیصلہ

محفل میلاد شریف کے مستحسن ہونے پر اجماع امت ہے

علمائے کرام نے بیان کیا ہے کہ سب سے پہلے جس نے میلاد شریف کا اہتمام کیا وہ ملک مظفر شاہ اربل تھا ﴿جس کا تعارف یہ ہے کہ وہ سلطان معظم مظفر الدین ابوسعید کوکبری بن علی ترکمانی الاصل ہے بہت بہادر انسان تھے علامہ حافظ ذھبی سیر اعلام النبلاء میں ارشاد فرماتے ہیں جلد ۲۲ صفحہ ۳۳۶ بہت متواضع اور اہل سنت و جماعت کے فرد تھے اور محدثین سے انہیں بہت محبت تھی ۶۳۰ ھ میں وفات پائی رحمۃ اللہ علیہ﴾ ان کے ہاں محفل میلاد میں اکابر علمائے کرام تشریف لاتے تھے اس عمل کو بے شمار آئمہ مجتہدین نے مستحسن سمجھا ہے۔

چنانچہ امام مجتہد ابوشامہ مقدسی اپنی کتاب ﴿الباعث علی انکار البدع والحوادث﴾ میں فرماتے ہیں ہمارے زمانے کے بہترین نئے کاموں میں سے حضور اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت کے دن صدقہ کرنا، نیک کام کرنا، زینت اور خوشی کا اظہار کرنا ہے، اس لئے کہ اس میں فقراء کے ساتھ حضور اکرم ﷺ کی محبت کے صدقے حسن سلوک اور احسان کیا جاتا ہے،

اس بادشاہ معظم کے دور میں کسی نے حضور اکرم ﷺ کی محفل میلاد پر اعتراض نہیں کیا اور نہ ہی ابوشامہ مقدسی کے زمانے میں کسی نے اعتراض کیا، ان کی وفات ۶۶۵ ھ میں ہوئی (رحمۃ اللہ علیہ)

میلاد شریف کی مشروعیت پر اجماع سکوتی تھا اور علمائے کرام نے اسے مستحسن سمجھا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے صحیح روایت ہے،

مَا رَآہُ الْمُسْلِمُوْنَ حَسَنًا فَهُوَ عِنْدَ اللهِ حَسَن — جس کام کو مسلمان اچھا سمجھیں وہ اللہ عزوجل کے نزدیک بھی اچھا ہے

امام حاکم نے مستدرک میں اس کو صحیح کہا ہے ﴿جلد ۳ صفحہ ۷۸﴾ اور امام ذھبی نے اس حکم کو مقرر کیا

عکس نمبر 24

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سرزمین عراق

مع

عراق میں عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

تالیف:

علامہ ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی صاحب

ایم اے عربی، پی ایچ ڈی عربی

(فاضل جامعہ محمدیہ نوریہ رضویہ بھکھی شریف۔ فاضل بغداد یونیورسٹی عراق)

ناشر: اویسی بک سٹال

جامع مسجد رضائے مجتبیٰ ایکس بلاک پیپلز کالونی گوجرانوالہ

۱۹

عکس نمبر 24

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِہٖ الۡکَرِیۡمِ

عراق میں عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

از: محمد اشرف آصف جلالی

ربیع الاوّل کی آمد اور خوشیوں کی چہل پہل:

ابھی ربیع الاوّل شریف کے چاند کا طلوع کرنے کا پروگرام چند دن بعد تھا کہ اخبارات و رسائل میں استقبالیہ بیانات آنے شروع ہو گئے۔ وزارت اوقاف و مذہبی امور اور وزارت اطلاعات کی طرف سے جشن میلاد کے انتظامات کا جائزہ لیا جانے لگا۔ وزیر اوقاف و مذہبی امور عبدالمنعم احمد صالح کا یہ بیان بھی اخبارات کی زینت بنا کہ عراقی عوام کو اگرچہ اقتصادی بائیکاٹ کی وجہ سے بہت سی دشواریوں کا سامنا ہے۔ اس کے باوجود ہم جشن میلاد شریف دھوم دھام سے منائیں گے۔ اقتصادی اور معاشی بائیکاٹ کے اس دور میں عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں حوصلہ بخشتی ہے کہ ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے شعب ابی طالب میں ایسے ہی بائیکاٹ کا ڈٹ کر مقابلہ کیا تھا اور فتح یاب ہوئے تھے۔ بیان میں مرکزی قومی محفل میلاد شریف کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا جو کہ ہر سال ۱۲ ربیع الاوّل کی رات امام الائمہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مزار انور کے زیر سایہ منعقد ہوتی ہے۔ نیز حکومت کی طرف سے ہر مسجد میں محفل میلاد منانے کا آرڈر جاری کر دیا گیا، ۱۱۔۱۲ ربیع الاوّل رات کو چراغاں کرنے اور تعظیم ماہ مقدس کے طور پر مساجد میں حفظ القرآن کے دوروں کو لازمی قرار دے دیا گیا۔

آئمہ سادات اہل بیت رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا میلاد شریف منانا

حضرت سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وامام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۱۲ ربیع الاول کو نبی پاک علیہ السلام کی ولادت باسعادت کو مناتے تھے۔ فرماتے ہیں کہ اس مبارک تاریخ کو نبی مبارک خیر و برکت کے ساتھ تشریف لے آئے۔ اس دن کو یہ ستو اور کھجوریں تقسیم کرتے تھے۔ امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی اس دن کو مناتے تھے۔ یہ قول تفسیر طبری اور خزینۃ القرآن میں ہے اور اس امر میں یہ حدیث بھی مرقوم ہے۔

قال موسیٰ المبرقعی کتب جدی علیؓ فی مجموعة الاحادیث قال رسول الله صلی الله علیه وسلم انما بعثت فی ربیع الاول من یوم اثنا عشر یا علی قل یا ایها الناس اذا جاء شهر ربیع الاول اذکروا من یوم اثنا عشر کما یحییٰ وعیسیٰ علیهما السلام لهما قوله تعالیٰ وسلم علیم یوم ولد ویوم یموت ویوم بعث حیا والسلام علی یوم ولدت ویوم ابعت ویوم البعث حیا ثم قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ایها الناس اذکروا اذا جاء شهر ربیع الاول من یوم اثنا عشر قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم تفرحوبه صاحب خزینة القرآن کان من سند الامام الزهری وجدی امام جعفر صادق رضی الله تعالیٰ عنها کان من سند وام المومنین سیده عائشه رضی الله تعالیٰ عنها ویعده ومن سند ابی بکر الصدیق رضی الله تعالیٰ عنه

یہ حدیث خزینۃ القرآن جلد نمبر ۸، صفحہ ۲۰۵۲ لَقَدْ مَنَّ اللّٰہُ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کے تحت بیان کی گئی ہے۔

ترجمہ: سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ربیع الاول کی ۱۲ تاریخ کو مبعوث ہوا ہوں۔ اے علی لوگوں کو کہا کہ تم ۱۲ ربیع الاول شریف کو جس دن میری ولادت ہوئی اور جس دن میری وفات ہوگی اور جس دن میں دوبارہ اٹھوں گا۔ یاد کرو جیسے یحییٰ علیہ السلام کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ان کی پیدائش کے دن کو سلام اس کی وفات کے دن کو اور دوبارہ زندہ ہونے کے دن کو عیسیٰ کے متعلق ارشاد ہے کہ سلام مجھ پر میری پیدائش کے دن کو اور جس دن کو میری وفات ہوگی اور جس دن کو میں دوبارہ زندہ ہوں گا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب ربیع الاول کی ۱۲ تاریخ آئے اس دن خوشی مناؤ تو ۱۲ ربیع الاول کو حضور پرنور کی ولادت باسعادت خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد پاک سے ثابت ہوگئی۔ اس سے دو فائدے نکلے۔

پہلا فائدہ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے میلاد شریف کا حکم خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوا۔

دوسرا فائدہ: سرکارؐ سے عیسیٰ و یحییٰ علیہما السلام کی مثال دے کر ہمیں حکم فرمایا۔ یہ حدیث مستند ہے امام زہری امام جعفر صادق حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اسناد سے بیان کی گئی ہے۔ (ذکر خیر الانام علامہ سید غلام حسین مصطفیٰ رضا رضوی قادری صفحہ ۲۲)

عکس نمبر 25 کا ترجمہ

محدث امام قسطلانی کا بیان

۱۰۲

ابن جزری نے کہا ہے کہ ابو لہب وہ کافر تھا جس کی مذمت میں قرآن شریف نازل ہوا۔۔۔ آپ کی ولادت کی رات میں اسے فرحت حاصل ہوئی تھی جس پر اسے دوزخ میں اس فرحت کی جزا دی گئی ہے۔۔۔ تو جو شخص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی امت سے ہے' مسلمان ہے اور توحید پر قائم ہے اور آپ کی ولادت سے وہ مسرور ہوتا ہے' خوش ہوتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ جتنی وہ استطاعت رکھتا ہے' آپ کی محبت میں وہ خرچ کرتا ہے۔۔۔ اس کا کیا حال ہوگا؟۔۔۔ مجھے میری جان کی قسم ہے! اللہ کریم کی طرف سے کیا اس کی جزا نہ ہوگی۔۔۔ یقیناً اللہ تعالیٰ اپنے فضل عمیم کے ساتھ اسے جنت نعیم میں داخل فرمائے گا۔

میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خوشیاں منانا:

اہل محبت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کے مہینہ میں ہمیشہ محفلیں کرتے ہیں اور اہتمام کرتے ہیں۔۔۔

۱۰۳

کھانے کھلاتے ہیں۔۔۔ ولادت کی راتوں میں صدقہ کرتے ہیں۔۔۔ خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔۔۔ مبرات میں کثرت کرتے ہیں۔۔۔ آپ کی ولادت باسعادت کے حالات و واقعات پڑھنے سننے میں ذوق و شوق کا اظہار کرتے ہیں۔۔۔ ان مسلمانوں پر آپ کے میلاد شریف کی برکات سے ایک فضل عمیم ظاہر ہوتا ہے۔۔۔ آپ کے میلاد شریف کے خواص سے جو چیزیں آزمائی گئی ہیں' ان میں سے ایک یہ ہے کہ جس سال میلاد شریف پڑھا جاتا ہے تو وہ میلاد مسلمانوں کے لیے بلاؤں مصیبتوں سے امان کا باعث ہوتا ہے اور وہ میلاد شریف دلی مرادیں برلانے میں بہت جلد بشارت کا سبب ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ اس شخص پر اپنا خاص فضل و کرم فرمائے جس نے آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کے مبارک مہینہ کی راتوں کو عید کی حیثیت میں اختیار کیا ہے۔۔۔ اس عید کو اختیار کرنے سے جن لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے۔ اصل میں ان کے دل محبوب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی محبت و چاہت سے خالی ہیں۔۔۔ پھر کس منہ سے مسلمانی کا دعویٰ کرتے ہیں۔۔۔ کیا نبی کا کلمہ صرف حلق سے اوپر اوپر پڑھتے ہیں۔۔۔ ان کے دل اس محبت سے متضاد کیوں ہیں؟۔۔۔

اس کے ساتھ ساتھ جنہوں نے میلاد شریف مناتے ہوئے بعض ناپسندیدہ امور کو جاری کیا ہے جیسے گانا بجانا وغیرہ۔۔۔ انہیں یہ سوچنا چاہیے بلکہ خیال کرنا چاہیے کہ ان کی ان حرکات سے کہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے دل اطہر کو تکلیف تو نہیں پہنچ رہی۔۔۔ اللہ تعالیٰ ہمیں راہ سنت پر چلائے بلکہ استقامت عطا فرمائے۔ آمین ۱۳۲!

للقسطلاني

عکس اخبار الاخیار

عملِ مقبول

اے اللہ عَزَّوَجل! میرا کوئی عمل ایسا نہیں ہے جسے تیرے دربار میں پیش کرنے کے لائق سمجھوں، میرے تمام اعمال میں فساد نیت موجود رہتی ہے، مگر مجھ حقیر فقیر کا ایک عمل صرف تیری ذات پاک کی عنایت کی وجہ سے بہت شاندار ہے اور وہ یہ ہے کہ "قیام بندگاں در حضرت حبیب توبا تحفہ، صلوۃ و سلام بر آنحضرت ﷺ بنعت تضرع و انکسار و عجز و افتقار خداوندا کدام موقف و محل باشد کہ افاضہ، خیر و نزول رحمت دروی زیادہ از ایں جا باشد خداوندا یقین است کہ ایں عمل مقبول درگاہ توخواھد بود" محفلِ میلاد کے موقع پر میں کھڑے ہوکر تیرے محبوب ﷺ پر سلام پڑھتا ہوں اور نہایت ہی عاجزی و انکساری محبت و خلوص کے ساتھ تیرے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجتا رہا ہوں۔

اے اللہ عَزَّوَجل! وہ کون سا مقام ہے جہاں میلادِ مبارک سے زیادہ تیری خیر و برکت کا نزول ہوتا ہے؟ اس لئے اے ارحم الراحمین مجھے پکا یقین ہے کہ یہ عمل تیری بارگاہ میں قبول ہے۔

(اخبار الاخیار صفحہ نمبر 320)

محدث عبدالحق دہلوی

عکس نمبر 26

الطريقة السمانية الطيبية القريبية

أبناء وأحباب الشيخ عمر باشيخ رضي عنه

دمشق میں میلادُالنبی صلی اللہ علیہ وسلم کا چرچا

حول الإحتفال بالمولد النبوي الشريف

الاستاذ الدكتور وهبة الزحيلى

عضو المجامع الفقهية ورئيس قسم الفقه الاسلامي ومذاهبه بجامعة دمشق :

إذا كان المولد النبوى مقتصرا على قراءة القران الكريم والتذكير باخلاق النبى صلى الله عليه واله وسلم وترغيب الناس فى الإلتزام بتعاليم الاسلام وحضهم على الفرائض وعلى الاداب الشرعية .... فان هذا الاتجاه فى واقع الامر لايعد من البدع .

عکس نمبر 27

الطريقة السمانية الطيبية القريبية

أبناء وأحباب الشيخ عمر باشيخ رضي عنه

أقوالُ الأعلامِ في الإحتفالِ بمولدِ خيرِ الأنامِ

قال العلامة الدكتور

محمد بن عبدالغفار الشريف

الامين العام للاوقاف فى الكويت :

الاحتفال بمولد سيد الخلق عليه وعلى اله الصلاة والتسليم أمر مستحب ، وبدعة حسنة فى راى جماهير العلماء

(موقع الدكتور الشريف ، رقم الفتوى ٤٣١ فى حكم المولد النبوى)

کویت میں میلادُالنبی صلی اللہ علیہ وسلم کا چرچا

محصلہ بشکریہ علامہ مفتی محمد عباس رضوی صاحب (آف دوبئی)

محصلہ بشکریہ علامہ مفتی محمد عباس رضوی صاحب (آف دوبئی)

میلاد کے حق میں علمائے مکہ کا بیان

۵۰۹

وقراءۃ سورۃ من القرآن و اطعام الطعام للمسلمین

اھل یجوز ویثاب فاعلہ ام لا بینوا توجروا۔[1]

جواب علمائے مکہ معظمہ تلخیصاً

اعلم ان عمل المولد الشریف بھذہ الکیفیۃ المذکورۃ

مستحسن مستحب فالمنکر لھذا مبتدع لانکارہ

علی شئی حسن عند اللہ والمسلمین کما جاء

فی حدیث ابن مسعود قال ما راٰہ المسلمون حسناً

فھو عند اللہ حسنٌ والمراد من المسلمین الذین

کملوا الاسلام کالعلماء العالمین وعلماء العرب

والمصر والشام والروم والارض کلھم راوہ حسنا من

زمان السلف الی الآن فصار علیہ الاجماع والامر الذی ثبت

بالاجماع فھو حق لیس بضلال قال رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم لا یجتمع امتی علی ضلالۃ

فعلی حاکم الشرع تعزیر منکرہ واللہ اعلم۔[2]

---

[1] سوال: کیا کہتے ہو تم، اللہ تم پر رحم کرے، کہ حضرت کا مولود پڑھنا اور قیام خاص ذکر ولادت کے وقت کرنا، دن کا معین کرنا، مکان سجانا، خوشبو کا برتنا، کچھ قرآن میں سے پڑھنا، مسلمانوں کو کھانا کھلایا جائز ہے یا نہیں، اس پر ثواب ملتا ہے یا نہیں؟ ۱۲

[2] جواب: مولد شریف اس کیفیت مذکورہ سے اچھی مستحب بات ہے اس کا منکر بدعتی ہے کیونکہ اس نے انکار کیا ایسی چیز کا جو اللہ اور مسلمانوں کے نزدیک اچھا ہے۔

(باقی برصفحہ آئندہ)

۱۰ ۵

عبدالرحمن سراج[1]	احمد دحلان	حسن	عبدالرحمن جمال	حسن طیب	محمد شرقی
مفتی حنفی	مفتی شافعی	مفتی حنبلی	حنفی	حنفی	مفتی مالکی
سلیمان عبلے	عبدالقادر خوکیر	ابراہیم لفتن	محمد جار اللہ	احمد الدغستانی	عبدالقادر شمس
عبدالرحمن آفندی	احمد ابوالخیر	عبدالقادر خمینی	محمد سعید	عبدالمطلب	احمد کمال
محمد سعید عبداللہ دیب	علی جودہ	سید عبداللہ کوشک	حسین عرب	ابراہیم نوموسی	احمد امین
شیخ فردوس	عبدالرحمن عجمی	عبداللہ مشاط	عبداللہ قماشی	محمد بابصیل	محمد سیوتی
علی میستی	محمد صالح زواوی	محمد حبیب اللہ	احمد النحراوی	عبداللہ زواوی	سلیمان عقیبہ
عمر سید شطی	عبدالحمید الداغستانی	مصطفےٰ عفیفی	منصور	منشاوی	محمد راضی

جوابِ[2] علمائے مدینہ منورہ تلخیصاً

اعلموا ان ما یصنع من الولائم فی المولد الشریف و

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

جیسا کہ حدیث ابن مسعود میں آیا ہے جس چیز کو مسلمان اچھا جانیں وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھی ہے۔ اور مسلمانوں سے مراد کامل مسلمان ہیں جو عالم بھی ہوں۔ اور عرب اور مصر اور شام اور روم اور اندلس کے سب علماء نے مولد شریف کو اچھا جانا ہے، سلف سے اب تک یہ اجماع ہو گیا اور جو چیز اجماع سے ثابت ہو وہ حق ہوتی ہے حضرت نے فرمایا ہے: میری امت گمراہی پر جمع نہ ہو گی۔ سو حاکم شرع کو چاہیئے کہ منکر مولود شریف کو تعزیر دے، اور اللہ خوب جانتا ہے ۱۲

[1] یہ عبدالرحمن سراج بیٹے ہیں حنفی عبداللہ سراج کے جس کی علمیت کا شہرہ تھا۔

[2] جواب علماء مدینہ منورہ کا اسی سوال منقولہ بالا پر ہے باعث رفع طول کے

(باقی اگلے صفحہ پر)

قراءته بحضرة المسلمين وانفاق المال والقيام
عند ذكر ولادة الرسول الامين ورش ماء الورد
والقاد البخور وتزئين المكان وقراءة شئ من القرآن
والصلوٰة على النبی صلی اللہ علیه وسلم واظهار
الفرح والسرور فلا شبهة فی انه بدعة حسنة مستحبة
وفضيلة شريفة مستحسنة فلا ينكرها الا مبتدع
لا استماع بقوله بل على حاكم الاسلام ان يعزره
والله اعلم وصلی الله علی سيدنا محمد و اٰله وصحبه وسلم۔

محمد امین	جعفر حسینی البرزنجی	عبد الجبار	جمال الدین سید	ابراہیم بن خیار
یوسف سید	السید محمد علی	السید عبد اللہ بن سید احمد	محمد بن احمد فاخی	عمر ابن علی
علی حریری	مصطفےٰ سید	احمد سراج	حسن ادیب	ابو البرکات
عبد القادر مشاط	سید سالم	احمد الحبشی	محمد نور سلیمانی	عبد الرحیم البرعی
محمد عثمان کردی	قاسم	عبد العزیز باشمی	یوسف رومی	محسن
مبارک ابن سعید	حامد	محمد ہاشم	عبد اللہ ابن علی	عبد الرحمن غنوی

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

سوال دوبارہ نقل نہیں کیا معنی یہ ہوئے تو جان لے کہ جو کچھ کیا جاتا ہے مولد شریف میں کھانا کھلانا اور خرچ کرنا پاک چیزوں کا اور کھڑا ہونا وقت ذکر ولادت شریف اور خوشی کرنا اس میں شبہ نہیں کہ بدعت حسنہ مستحب ہے اور فضیلت بزرگ و مستحسن ہے انکار وہی کریگا جو بدعتی ہوگا، نہ سننا چاہیئے اس کا قول بلکہ حاکم اسلام اس کو تعزیر یعنی سزا دے اور اللہ خوب جانتا ہے اور رحمتِ کاملہ بھیجے اللہ ہمارے سردار محمد پر اور ان کی اولاد پر اور اصحاب پر سلام بھیجے۔

٥١٢

عکس نمبر 30

جوابِ علمائے جدہ ملخصاً عکس انوارِ ساطعہ

اعلم ان ذکر مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم بھذہ الصورۃ المجموعۃ المذکورۃ بدعۃ حسنۃ مستحبۃ شرعا لاینکرھا الامن فی قلبہ شعبۃ من شعب النفاق وکیف یسوغ لہ ذلک مع قولہ تعالیٰ ومن یعظم شعائر اللہ فانھا من تقوی القلوب واللہ تعالیٰ اعلم[۱]

علی بن احمد باصبرین	عباس ابن جعفر ابن صدیق احمد عثمان	احمد فتاح احمد بن عجلان
محمد سلیمان محمد صدقہ	احمد حلیس عبدالرحیم بن محمد زبیدی	محمد صالح

[۱] ترجمہ بطور خلاصہ لکھتا ہوں۔ سوال: مولد شریف اور قیام جائز ہے یا نہیں؟ جواب: دونوں جائز ہیں، مسلمانوں کا تمام اسلامی شہروں میں اس پر عمل ہے اور جو جاہل بدبخت منع کریں ان کا کچھ اعتبار نہیں (مفتی حنفی مکہ)۔ جمہور اگلوں پچھلوں نے اس عمل کو اچھا سمجھا۔ (دوسرا مفتی حنفی) جو مفتی حنفی نے لکھا بہت ٹھیک ہے (مفتی مالکی) جواب مولنا کا عین مذہب ہے کسی کو اس میں انکار نہیں ہے (دوسرا مفتی مالکی) عمل اچھا ہے کیونکہ اس میں احسان ہے اور قرات قرآن و ذکر اللہ و فرحت و سرور محبت حضرت کی ہے اور ملحدوں اور کفار کو جلاتا ہے وہ دیکھ کر رشک کرتے ہیں اور ہمیشہ مسلمان کرتے رہے ہیں۔ مولد شریف اور قیام کو بعضوں نے لفظ مستحب اور بعض نے بدعتِ حسنہ سے تعبیر کیا ہے (مفتی شافعی)، ہاں عمل مولد ثابت ہے باجماع مسلمین اور کھڑا ہونا وقت ذکر ولادت شریف کے ۱۲۔

مذکورہ فتاوٰی کی نقل ''میلاد اکبر'' میں بھی موجود ہے۔

عکس نمبر 30 عکس انوارِ ساطعہ

"براہین قاطعہ" کے رَد میں لکھی جانے والی مدلّل اور بے مثال کتاب

انوارِ ساطعہ

در بیان

مولود و فاتحہ

مصنّفہ

حضرت علامہ مولانا عبد السمیع انصاری رحمہ اللہ تعالیٰ

ناشر

مکتبہ حامدیہ گنج بخش روڈ لاہور

عکس نمبر 33

عکس بیان میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ابن جوزی

علامہ محدث ابن جوزی و محدث حاکم نے تاریخ ولادت ۱۲ ربیع الاوّل لکھی ہے۔

فِي كِسْرَى نُوشِيرَوَانَ الْعَادِلِ الْمَعْرُوفِ
وَإِنَّمَا اخْتَلَفُوا فِي زَمَانِ وِلَادَتِهِ عَلَى ثَلَاثَةِ
أَقْوَالٍ أَحَدُهَا أَنَّهُ وُلِدَ لِاثْنَتَيْ عَشَرَ لَيْلَةً
خَلَتْ مِنْ شَهْرِ رَبِيعِ الْأَوَّلِ قَالَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ
وَالثَّانِي لِثَمَانٍ خَلَوْنَ مِنْهُ قَالَهُ عِكْرِمَةُ
وَالثَّالِثُ لِلَيْلَتَيْنِ خَلَتَا مِنْهُ قَالَهُ عَطَاءٌ
وَالْأَوَّلُ أَصَحُّ

عکس نمبر 33

عکس مستدرک حاکم

٤٢٣٤ ـ حدَّثنا أبو الحسن محمَّد بن أحمد بن شبويه الرئيس بمرو، ثنا جعفر بن محمَّد النيسابوري، ثنا علي بن مهران، ثنا سلمة بن الفضل، عن محمَّد بن إسحاق قال: «وُلِدَ رسولُ الله ﷺ لاثنتي عشرة ليلة مضتْ مِنْ شهرِ ربيع الأوَّل».

*محدث ابن جوزی اور حاکم نے تاریخ ولادت ۱۲- ربیع الاول لکھی ہے۔

المکۃ المکرمۃ: ربیع الاول ۱۴۳۷ھ کا چاند نظر آنے کی خوشی میں مکہ کلاک ٹاور کو لیزر لائٹس سے منور کیا گیا ہے۔

تفصیلات کے مطابق مکۃ المکرمہ میں روشنیوں کا یہ اہتمام ربیع الاول کے چاند نظر آنے کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کی خوشی میں کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں خانہ کعبہ سے منسلک سعودی عرب کی بلند ترین عمارت مکہ کلاک ٹاور کو جدید ترین لیزر لائٹس سے منور کیا گیا ہے جو کہ آسمان کو بقعہ نور بنا رہی ہے۔

مذکورہ لائٹس روزانہ سرِ شام روشن کر دی جاتی ہیں، لیزر لائٹس کی روشنی سے مکے کا آسمان نہایت خوبصورت اور روح پرور منظر پیش کر رہا ہے۔

(یوں اہل مکہ بھی ولادت رسول پاک ﷺ کی خوشیوں میں شامل نظر آتے ہیں۔)

(بشکریہ اے آر وائے نیوز چینل، ربیع الاول ۱۴۳۷ بمطابق دسمبر 2015ء)

میلاد اور علمائے برصغیر مع میلاد اور اقبال

☆ لاہور میں میلاد شریف کے اجتماع ۱۹۱۱ء جو اسلامیہ کالج میں منعقد ہوا تھا جسکی صدارت سید پیر جماعت علی شاہ صاحب نے فرمائی، علامہ محمد اقبال بھی اس میں شامل تھے اور عظیم شان خطاب بھی فرمایا۔ پھر ۱۹۳۰ء میں یوم ولادت منائے جانے کی بھرپور اپلیں کی گئی۔ یہ جلسہ ۱۲ ربیع الاول کو منعقد ہوا، اس اپیل پر سینکڑوں علماء، مشائخ نے دستخط کئے اور شمولیت فرمائی، علامہ محمد اقبال صاحب نے بڑی خوشی سے محفل پاک میں شمولیت فرمائی۔

حوالہ: ضیائے حرم لاہور عید میلاد النبی ﷺ نمبر دسمبر ۱۹۸۹ء ماخوذ رسالہ تہذیب نسواں، اخبار زمیندار، آثار اقبال، اقبال نامہ دوم ۱۹۵۱ء، نقوش نمبر ۱۹۷۸ء لاہور

نوٹ! ہم نے مذکورہ بیانات کی تلخیص پیش کی ہے۔ (تفصیل کیلئے ملاحظہ کریں ضیائے حرم لاہور دسمبر ۱۹۸۹ء)
دیکھئے عکس نمبر ۱۰۰ پر

تاریخ ولادت ۱۲ ربیع الاول ہے

حوالہ ۱:۔ علامہ محمد بن اسحاق تابعی رحمۃ اللہ علیہ اول صدی کے عظیم الشان سیرت نگار نے اپنی کتاب میں رسول اکرم ﷺ کی ولادت کی تاریخ ۱۲ ربیع الاول بروز پیر لکھی ہے۔ (سیرت رسول پاک بروایت ابن اسحاق ولادت ۸۵ھ وفات ۱۵۰ھ) سیرت رسول دیکھئے عکس نمبر 34

حوالہ ۲:۔ مستدرک حاکم نے لکھا ہے۔ **عن محمد بن اسحاق قال وُلِدَ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم لاثنی عشر لیلة** یعنی آپ کی ولادت بارہویں رات کو ہوئی (المستدرک حاکم جلد ۳ صفحہ ۲۰۴) دیکھئے عکس نمبر 33

حوالہ ۳:۔ محدث جمال الدین ابن جوزی متوفی ۵۷۹ء نے صحابہ کرام سے تاریخ ولادت ۱۲ ربیع الاول نقل کی اور اسی کو صحیح قرار دیا ہے۔ (البیان میلاد النبی ﷺ صفحہ ۶۰) دیکھئے عکس نمبر 33

حوالہ ۴:۔ مفسر قرآن ابن کثیر نے ۱۲ ربیع الاول ولادت لکھی ہے۔ **عن جابر وابن عباس ولد رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم عام الفیل یوالاثنین الثانی عشر من ربیع الاول** یعنی حضرت جابر و ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ۱۲ ربیع الاول یوم پیر کو ولادت تحریر فرمائی۔

(البدایہ والنہایہ عربی طبع المکتبة القلوسیة، اُردو بازار لاہور، جلد ۲، طبع دار الغد ۱۱ اجزائر قاہرہ مصر جلد ۲، صفحہ ۲۲۲)

عکس نمبر 34

مختصر سيرة الرسول صلى الله عليه وسلم

تاليف

الإمام ، بدر الأعلام

الشيخ عبد الله بن الشيخ محمد بن عبد الوهاب

المتوفى بمصر سنة ١٢٤٢ هـ

— ٩ —

وقيل لعشر منه ، وقيل لاثنتي عشرة خلت منه . ونُبِّئَ يوم الاثنين لأيام خلت من ربيع [١] ، ومات لثمان خلون من ربيع الأول

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲ ربیع الاوّل کو پیدا ہوئے۔

عکس نمبر 35

مولد العروس

للعالم العلامة والحبر الفهامة

الإمام ابن الجوزي

نفعنا الله به والمسلمين آمين

دار الكتب الشعبية

بيروت ۔ لبنان

٦

فِبَابٌ قَدْ حَوَتْ بَدْرًا مُنِيرًا إِذَا مَا مَالَ فِي تِلْكَ النَّوَائِبْ

فَلَوْ أَنَّا عَمِلْنَا كُلَّ يَوْمٍ لِأَحْمَدَ مَوْلِدًا قَدْ كَانَ وَاجِبْ

بطورِ شکر محفل میلاد کا اہتمام واجب ہے۔

صفحہ ۲۶

عکس نمبر 36

الٰہی عاقبت محمود گرداں

تحریر للمشہو تعیش العلم بن مولانا محمد بن اللہ عبد ربان جیون بن مولانا الشیخ علاؤ الدین المنجابی
البراسعی الحنفی الالدیسی ... ناظرۃ الی ربہا ناظرۃ

ھذا

کتاب وجیز الصراط

فی مسائل الصدقات

والاسقاط

ھذا ھو الاصل فی اتخاذ الناس ھذا الیوم یوم مولود انتہی و علامہ شیخ عابد سندی رح
در رسالہ خود از کتاب الشمائل آوردہ کہ و یوم مولدہ صلی اللہ علیہ وسلم ذبح ابوبکر الصدیق
رضی اللہ تعالی عنہما منہ ناقۃ و تصدق بہا و تصدق ابو ھریرۃ رضی اللہ تعالی
عنہ فی ذلک بثلثۃ اقراص من شعیر انتہی و ہر نا ثبت بالشیخ عبد الحق محدث دہلوی نوشتہ

مکتبہ قادریہ ◎ جامعہ نظامیہ رضویہ
لوہاری منڈی لاہور۔

عکس نمبر 37

مختلف اعتقادی واصلاحی موضوعات پر نایاب علمی مجموعہ

"الرسائل الخمس"

کا پہلی بار شاندار سلیس اُردو ترجمہ بنام

رسائل امام عابد سندھی

﴿ تالیف ﴾

شیخ الاسلام، الامام الکبیر

شیخ محمد عابد السندی الانصاری

رئیس علماء المدینۃ المنورۃ فی عصرہ المتوفی ۱۲۵۷ھ

﴿ ترجمہ ﴾

خلیفہ مفسر اعظم پاکستان

علامہ مفتی اعجاز احمد قادری اویسی

حضرت صدیق اکبر اور حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہم کے بیانات بسلسلہ میلاد

"یَوْمَ مَوْلِدِہٖ ﷺ ذَبَحَ اَبُوْ بَکْرِ الصِّدِّیْقُ مِائَۃَ نَاقَۃٍ وَتَصَدَّقَ بِھَا"۔

میلاد النبی ﷺ کے دن حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سو اونٹ ذبح کر کے صدقہ کیے۔

"تَصَدَّقَ اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ فِیْ ذٰلِکَ بِثَلَاثَۃِ اَقْرَاصٍ مِنْ شَعِیْرٍ"

اسی طرح حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے (میلاد النبی ﷺ کے دن) تین بڑے برتن گندم سے بھر کر صدقہ کیے۔ الرسائل الخمس ص ۱۳۲ مکتبہ غوثیہ کراچی

علمائے حرمین شریفین کی تحریرات سے جواز محفل میلاد

علمائے کرام مکہ معظمہ کے فتاوی

(زَادَهَا اللّٰهُ شَرَافَةً وَكَرَامَةً)

عکس نمبر 38

اِعْلَمْ اَنَّ عَمَلَ الْمَوْلِدِ الشَّرِيْفِ هٰذِهِ الْكَيْفِيَّةِ الْمَذْكُوْرَةِ مُسْتَحْسَنٌ مُسْتَحَبٌّ مُنْكِرُهُ مُبْتَدِعٌ لِاَنَّهُ اَنْكَرَ قَوْلَهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ رِوَايَةِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ مَا رَاٰهُ الْمُسْلِمُوْنَ حَسَنًا فَهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ حَسَنٌ وَالْمُرَادُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ هٰهُنَا الْعُلَمَاءُ الْعَامِلُوْنَ (فِيْ عَرَبٍ وَمِصْرَ وَالشَّامِ وَالرُّوْمِ وَاَنْدَلُس) فَاِنَّهُمْ رَاَوْهُ حَسَنًا مِنَ السَّلَفِ اِلَى الْاٰنِ فَصَارَ الْاِجْمَاعُ فَهُوَ حَقٌّ لِاَنَّهُ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَا تَجْتَمِعُ اُمَّتِيْ عَلَى الضَّلَالَةِ فَعَلٰى حَاكِمِ الشَّرْعِ اَنْ يُّعَزِّرَهُ

ترجمہ: واضح ہو کہ میلاد شریف کو صورت مذکورہ بالا میں منعقد کرنا ایک مستحسن اور مستحب امر ہے۔ جس کا منکر بدعتی ہوتا ہے کیونکہ وہ بدعتی حضور علیہ السلام کی اس حدیث کا انکار کرتا ہے۔ کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ، فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ جو بات مسلمان مستحسن سمجھیں وہ خدا کے نزدیک بھی مستحسن، اور پسندیدہ ہوتی ہے۔ اور مسلمانوں سے مراد اس موقعہ پر علمائے اسلام (عرب۔ مصر، شام روم۔ اندلس وغیرہ کے) ہیں۔ کہ جنہوں نے اس عید کو مستحسن سمجھا ہے اس لئے اس کا ثبوت واقعی ہو گیا۔ کیونکہ حدیث شریف میں ہے کہ امت محمدیہ گمراہی پر کبھی اتفاق نہیں کرتی۔ اس واسطے حاکم شرع کا فرض ہے کہ منکر عید میلاد کو تعزیر شرعی لگائے (۴۷ علمائے مکہ کی مہریں جن میں سے چیدہ چیدہ کے نام درج ذیل ہیں۔

(احمد دحلان۔ مفتی حنبلی۔ مفتی شافعی۔ مفتی حنفی۔ مفتی مالکی وغیرہ)

مدینہ منورہ زادها اللہ شرافۃً وکرامۃً کے علمائے کرام کے فتاوی

اِعْلَمْ اَنَّ مَا يُصْنَعُ مِنَ الْوَلَائِمِ فِي الْمَوْلِدِ الشَّرِيْفِ وَقِرَاءَتِهِ بِحَضْرَةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَاِنْفَاقِ الْمَبَرَّاتِ وَالْقِيَامِ عِنْدَ ذِكْرِ وِلَادَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَشِّ مَاءِ الْوَرْدِ وَالْقَادِ الْبَخُوْرِ وَتَزْيِيْنِ الْمَكَانِ وَقِرَاءَةِ شَيْءٍ مِنَ الْقُرْاٰنِ وَالصَّلٰوةِ

٤١

على النبي صلى الله عليه وسلم واظهار السرور والفرح فلا شبهة في انّه بدعة حسنة فلا ينكرها الا مبتدع لا استماع لقوله بل على حاكم الاسلام ان يعزره.

ترجمہ: واضح رہے کہ میلاد شریف کے موقعہ پر دعوت کرنا، مسلمانوں کا مجمع میں حضور علیہ السلام کے پیدائش کے حالات دہرانا، صدقات ومبرات، ذکر ولادت کے وقت قیام، گلاب چھڑکنا، لوبان وغیرہ سلگانا، مکان سجانا قرآن شریف کی تلاوت اور حضور علیہ السلام پر درود پڑھنا، اور مسرت وفرحت کا اظہار کرنا بلاشبہ یہ تمام امور بدعۃ حسنہ ہیں۔ اس کا منکر بدعتی ہے۔ اس کے قول کو کوئی شنوائی حاصل نہیں ہے۔ بلکہ حاکمِ شرع کا فرض ہے کہ اس کو شرعی تعزیر دے۔

(تینس ۳۳ علمائے اسلام کی مہریں)

جواب: علمائے جدہ صانہا اللہ تعالیٰ

اعلم انّ ذکر مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم بهذه الصورة المذکورة بدعة حسنة مستحبة شرعًا لا ینکرها الا من فی قلبه شعبة النفاق وکیف یسوغ ذالك مع قوله تعالیٰ ومن یعظم شعائر الله فانها من تقوی القلوب۔

ترجمہ: واضح ہو کہ صورت مذکورہ میں مجلس میلاد منعقد کرنا بدعت حسنہ اور مستحب امر شرعی ہے اس کا انکار وہی کرتا ہے کہ جس میں بے ایمانی کا کچھ حصہ ہو۔ انکار کیسے ہوسکتا ہے حالانکہ ارشادِ الٰہی ہے کہ جو شخص شعائر اللہ کی تعظیم کرتا ہے تو تقوائے قلبی میں داخل ہے۔

(گیارہ علمائے اہل اسلام کی مہریں)

(الارشاد الی مباحث المیلاد، علامہ محمد عالم آسی)

میلاد مبارک پروگرام عہد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں اور نعمت کبرٰی ومولود برزنجی وغیرہ کتب کی توثیق از فتاوٰی عبدالحیی لکھنوی

لکھنوی نے بلاتردید نعمت کبرٰی محدث ابن حجر مکی اور مولود برزنجی علامہ جعفر مدنی رحمۃ اللہ علیہم کی کتاب سے محفل میلاد شریف کی جواز وثواب کو واضح الفاظ میں لکھا ہے۔
محفل میلاد کے نہ صرف جواز بلکہ اسکے مستحسن شرعی ہونے کے ساتھ ساتھ اس محفل کو تعظیم وتوقیر رسول اکرم ﷺ قرار دیا ہے۔ مزید لکھا کہ یہ پروگرام مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ ودیگر کئی ممالک میں منعقد ہوتے ہیں قیام میلاد کو جائز قرار دیا ہے۔ (ملاحظہ کریں عکس نمبر40)

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

مولد العروس
محدث ابن الجوزی

يا مَوْلِدَ المُختارِ كم لكَ من ثَنا ومدائِحِ تَعْلُو وذِكْرٍ يُحْمَدُ
يا لَيْتَ طُول الدَّهْرِ عِندي ذِكْرُهُ يا لَيْتَ طُولَ الدَّهْرِ عندي مَوْلِدُ
وضَعَتْهُ مَسْروراً ومَخْتوناً كما قد جاءَ في الأخبارِ حقّاً مُسْنَدُ

مولد المُناوي
الشیخ المناوی

يا مَوْلِدَ المُصْطفى هيَّجتَ مُهجَتَنا أسقَيْتَنا من عيونٍ منكَ قد نبعَتْ
يا مَوْلِدَ المُصْطفى شرَّفتَ مَسْمَعَنا بِقَالَةِ ذِكْرِها يَحْلُو إذا تُلِيَتْ
يا مَوْلِد المُصْطفى فرَّجتَ كُرْبَتَنا كَسَوْتَنا خِلْعةً من نُورِكَ انْتَسَجَتْ
يا ربُّ عفواً بجاهِ المصطفى كَرَماً واسْتُرْ عُيُوبي إذا الأمواتُ قد بُعِثَتْ

فسئلوا اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون ۝

اردو

مجموعۃ الفتاویٰ

مولانا محمد عبدالحی فرنگی محلی لکھنوی

جلد دوم

ناشر

سعید کمپنی ★ ادب منزل

پاکستان چوک کراچی

(مطبوعہ: ایجوکیشنل پریس پاکستان چوک کراچی)

اور مردود اقوال اور روایات ضعیفہ کو نقل نہیں کرتے ہیں (۷) وہ مقلدین جو اس پر بھی قدرت نہیں رکھتے ہیں اور صحیح غلط کو نہیں پہچان سکتے نہ ضعیف و قوی میں تمیز کر سکتے ہیں لکڑہارے کیطرح جو پاتی ہیں اُسے جمع کر لیتے ہیں اور یہ طبقات فقہا میں طول کیساتھ مذکور ہیں یہ مختصر کتاب اُسکی متحمل نہیں ہو سکتی ان مقدمات کی تمہید کے بعد میں کہتا ہوں کہ نفس ذکر میلاد دو وجہوں سے بدعت ضلالت نہیں ہے۔

(۱) ذکر میلاد اسے کہتے ہیں کہ ذاکر کوئی آیت یا حدیث پڑھکے اُس شرح میں کچھ فضائل نبویہ اور معجزات احمدیہ اور آپ کی ولادت اور نسب کا تھوڑا احال اور خوارق جو ولادت کے وقت ظاہر ہوئے بیان کرے جیسا کہ ابن حجر مکی رحمہ اللہ نے نعمۃ الکبریٰ علی العالم بمولد سید ولد آدم میں لکھا ہے اور اس کا وجود زمانۂ نبوی اور زمانۂ صحابہ میں بھی تھا اگرچہ اس نام سے نہ تھا ماہرین فن حدیث پر مخفی نہ ہوگا کہ صحابہ مجالس وعظ اور تعلیم علم میں فضائل نبویہ اور ولادت احمدیہ کا ذکر کرتے تھے اور صحاح میں مروی ہے کہ حضور سرور کائنات علیہ السلام والصلوٰۃ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو اپنی مسجد میں منبر پر بٹھاتے اور وہ قصائد مدح نبوی کہ اُنھوں نے کہے ہوتے پڑھتے اور آپ اُنکو دعائے خیر دیتے اور فرماتے اَللّٰھُمَّ اَیِّدْہُ بروح القدس اے اللہ انکی مدد کر بذریعہ جبرئیل۔ اور دیوان حسان رضی اللہ عنہ کے دیکھنے والوں پر پوشیدہ نہ ہوگا کہ اُن کے قصائد میں معجزات اور حالات ولادت اور نسب شریف وغیرہ موجود ہے پس محفل میں ایسے اشعار پڑھنا عین ذکر میلاد ہے اور حسان رضی اللہ عنہ کے مسجد میں اشعار پڑھنے کا قصہ صحیح بخاری میں بھی موجود ہے پس درحقیقت ذکر میلاد میں اور اس قصہ میں کوئی معتدبہ فرق نہیں معلوم ہوتا یہ امر دیگر ہے کہ اس ذکر کا نام مجلس میلاد قرار نہیں پایا تھا دوسرے اگر یہ خلجان ہو کہ اگرچہ فی نفسہٖ نفس ذکر مولود و فضائل وغیرہ کا وجود ثابت ہے مگر ذکر میلاد میں لوگوں کو بلانا ثابت نہیں ہوتا تو یوں دفع ہو جائیگا کہ نشر علم کے لیے لوگوں کو جمع کرنا اور بلانا حدیث سے ثابت ہے۔ فقیہ ابو اللیث رحمہ اللہ تنبیہ الغافلین میں لکھتے ہیں حدثنا ابی قال حدثنا ابو بکر محمد بن احمد حدثنا ابو عمران حدثنا عبد الرحمن حدثنا داؤد حدثنا عباس بن الکثیر عن مھیر عن علی بن ابی طالب قال نزلت اذا جاء نصر اللہ فی مرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم فما لبث ان خرج یوم الخمیس فرقی المنبر وجلس علیہ ثم دعا بلالا وقال نادی فی المدینۃ ان اجتمعوا لوصیۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم فنادی بلال فاجتمع صغیرھم وکبیرھم وترکوا ابواب بیوتھم مفتحۃ حتی خرجت العذارا من خدورھن حتی غص المسجد باھلہ والنبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم یقول وسعوا لمن وراءکم وسعوا لمن وراءکم ثم قام محمد اللہ واثنی علیہ وصلی علی الانبیاء ثم قال انا محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب

النعمة الكبرى على العالم فی مولد سیّد ولد آدم ﷺ

کا سلیس اُردو ترجمہ مع اعتراضات کے تحقیقی جوابات اور
تفصیلی حالاتِ مُصنّف کے ساتھ بنام

نعمتِ کُبریٰ ﷺ

تالیف:

شیخ الاسلام مفتیٔ اعظم مکہ مکرمہ

امام ابنِ حجر مکی شافعی قادری رحمۃ اللہ علیہ

متوفی ۹۷۴ھ

ترجمہ وتحقیق:

فضیلۃ الاستاذ

مفتی ابو محمد اعجاز احمد حفظہ اللہ

زاویہ پبلشرز

8-C دربار مارکیٹ - لاہور

voice: 042-37248657 - 042-37112954 - 042-37300642

Email:zaviapublishers@gmail.com

اَلنِّعْمَةُ الْكُبْرَى عَلَى الْعَالَمِ

فِي مَوْلِدِ سَيِّدِ وَلَدِ آدَمَ

لِلْإِمَامِ الْعَالِمِ الْعَلَّامَةِ شِهَابُ الدِّينِ

أَحْمَدُ بنِ حَجَرٍ الْهَيْتَمِي الشَّافِعِي رَحْمَةُ اللهُ تَعَالَى

٨٩٩ هـ .. [١٤٩٤ م.] - ٩٧٤ هـ .. [١٥٦٦ م.]

ويليه

كِتَابُ جَوَاهِرِ الْبِحَارِ لِلنَّبْهَانِي

ويليهما

الْحَقَائِقُ

فِي قِرَاءَةِ مَوْلِدِ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

قد اعتنى بطبعه طبعة جديدة بالأوفست

مكتبة الحقيقة

يطلب من مكتبة الحقيقة بشارع دار الشفقة بفاتح ٥٧ استانبول-تركيا

هجري قمري	هجري شمسي	ميلادي
١٤٢٤	١٣٨١	٢٠٠٣

اہتمام محفل میلاد النبی ﷺ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی نظر میں

فَصلٌ فِی بَیَانِ فَضلِ مَولِدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

قَالَ اَبُو بَکرٍ الصِّدِّیقُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ مَنْ اَنْفَقَ دِرْھَمًا عَلٰی قِرَاءَۃِ مَوْلِدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ رَفِیقِی فِی الْجَنَّۃِ ❁ وَقَالَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ مَنْ عَظَّمَ مَوْلِدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَدْ اَحْیَا الْاِسْلَامَ ❁ وَقَالَ عُثْمَانُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ مَنْ اَنْفَقَ دِرْھَمًا عَلٰی قِرَاءَۃِ مَوْلِدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَکَاَنَّمَا شَھِدَ غَزْوَۃَ بَدْرٍ وَحُنَیْنٍ ❁ وَقَالَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَکَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَہُ مَنْ عَظَّمَ مَوْلِدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَانَ سَبَبًا لِقِرَاءَتِہٖ لَا یَخْرُجُ مِنَ الدُّنْیَا اِلَّا بِالْاِیْمَانِ وَیَدْخُلُ الْجَنَّۃَ بِغَیْرِ حِسَابٍ ❁

دیکھئے عکس نعمت کبریٰ 133

نوٹ: حضرت ابوبکر کی دوسری روایت حضرت ابوھریرہ کی روایت صفحہ نمبر 112/132 حضرت ابن عباس وابو عامر انصاری رضی اللہ عنہم کی روایات صفحہ نمبر 18 پر ملاحظہ کیجیے۔

مکہ شریف میں ہر صبح وشام پورے سال محافل میلاد کا انعقاد ہوتا ہے

(از قلم شیخ مکہ امام مدرس حرم شریف)

قارئین کرام: دنیا عرب وعجم کے ۴۰ جیّد علمائے کرام ''مفاھیم یجب ان تصحّح'' مترجم سے جواز محفل میلاد اور اسکی خیر وبرکات کے حوالہ سے چند سطور آپکی نظر کرتا ہوں۔ آخر میں ان علماء عرب کے اسماء گرامی لکھ دیئے گئے ہیں جن کی ھٰذا الکتاب پر تقاریظ وتصدیقات موجود ہیں۔

فضیلۃ الشیخ امام حرم کعبۃ اللہ السیدّ محمد علوی مکیؒ فرماتے ہیں۔ہم مولد نبوی کے بارے بہت کچھ لکھ چکے ہیں اور ریڈیو سعودیہ سے عام اجتماعات میں بھی اسے بار بار بیان کر چکے ہیں جس سے میلادُ النبی کے محفل کا مفہوم خوب واضح ہوکر سامنے آ گیا ہے۔اس کے بعد اب کسی کے اعتراض کی گنجائش باقی نہیں۔لیکن ضد بڑی مصیبت و نا سمجھی ہے اسی وجہ سے حضرت محمد بن ادریس امام شافعی کا قول مشہور ہے'' کہ جب میں نے کسی عالم سے مناظر کیا تو غالب آیا اور جب کسی (کم علم) جاہل سے کیا تو وہ مجھ پر غالب آیا'' بہر حال حاصل یہ ہے کہ مولد نبوی کے لئے جمع ہونا بہت منافع کی بات ہے ہم نے اسے ایک دن کے لئے خاص نہیں کر لینا بلکہ مکہ مکرمہ مدینہ منورہ میں تمام سال محافل منعقد ہوتی رہتی ہیں۔ہر خوشی کے موقع پر ایسا اہتمام کرتے ہیں کوئی دن کوئی رات ایسی نہیں گزرتی کہ جس میں محفل میلاد نہ ہوتی ہو کبھی یہاں کبھی وہاں مجالس نہ ہوتیں ہوں۔بس منکر جاہل بنتے اور ایسے مناظر سے غافل رہنے کی خود کوشش کرتا ہے اُسے کہ اپنے اندر محبت وشعور کو بیدار کرے ہم دعا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اسکو نور بصیرت عطاء کرے۔

یہ اجتماعات عظمت رسالت ودعوت الی اللہ کا بہت بڑا ذریعہ ہیں لہٰذا علماء حقانی پر

واجب کہ ایسے سنہری مواقع ضائع نہ کریں۔ ایسے پروگراموں میں اُمت کی اصلاح کریں درس اتحاد پیش کریں۔ ہمارے پیش نظر جو ترجمہ ہے وہ انیس احمد مظاہری کا ہے۔ جو لاہوری (دیوبندی) ہے۔ ترجمہ بتاریخ ۱۰ رجب ۱۴۱۴ھ

مَفَاهِيم يُجِبُ اَنْ تُصَحَّحَ (اقتباسات صفحہ ۳۶۲، ۳۶۳، ۳۶۴ اُردو)

صاحبان تصدیقات وتقریظات کے 41 اسماء گرامی مندرجہ ذیل ہیں

☆ الشیخ محمد بن احمد خزرجی قاضی امارات ابوظھبی متحدہ عرب امارات

☆ العلامہ الشیخ محمد الطیب النجار رئیس جامعۃ الازہر مصر

☆ الشیخ محقق السیدّ عبداللہ کنون حسنی رئیس رابطہ علماء مغرب ورکن رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ

☆ الدکتور الحسینی عبدالمجید ہاشم وکیل جامعۃ الازہر مصر

☆ رؤف شلبی دکتور الازہر

☆ العلامۃ الشیخ السید یوسف ہاشم رفاعی وزیر اوقاف کویت

☆ علامہ شیخ عبدالفتاح برکۃ قاہرہ ☆ احمد عمر ہاشم

☆ محمد سنراوی ☆ عبدالغنی راجحی الازہر مصر

☆ الشیخ المفتی السودان سید احمد رئیس مجلس الافتاء الشرعیہ

☆ الاستاذ الدکتور حسن الفتاح ☆ قریب اللہ مدیر جامعہ ام درماں سوڈان

☆ العلامۃ الادب احمد عبدالغفور عطار مکہ مکرمہ

☆ الشیخ یوسف بن احمد صدیقی قاضی وکیل محکمہ الاستئناف العلیا الشریعہ بدولۃ البحرین رئیس رابطہ الاسلامیۃ بمکۃ المکرّمہ

☆ المفتی السید احمد بن محمد۔۔۔۔۔۔

☆ الشیخ محمد بن علی المنصور

☆ محدث محمد شاذلی رابطہ رکن عالم اسلامی مکہ مکرمہ

☆ العلامہ الفقیہ محمد فال البنانی امین رابطہ عالم اسلامیہ موربطانیہ ورکن رابطہ عالم اسلامیہ مکہ مکرمہ

☆ الشیخ محمد سالم مکہ مکرمہ ☆ الشیخ ابوزید ابراہیم مصر

☆ علامہ ابراہیم مصر ☆ العلامہ محمد عبدالواحد احمد وزیر اوقاف مصر ازہری

☆ الشیخ حسنین محمود شیخ العلماء الازہر الشریف

☆ علامہ عبدالسلام جبران رئیس مجلس العلمیہ مراکش

☆ علامہ سید فاروقی ☆ سید عبداللہ محدثِ مغرب ☆ سید عبدالعزیز غماری

☆ سید محمد بن علی حبشی مفتی انڈونیشیا ☆ علامہ عبدالقادر مفتی حضرموت

خیال رہے کہ اس کتاب کا مقدمہ الشیخ حسنین مخلوف مفتی اعظم دیار مصر ورکن جماعۃ الا کبار العلماء بالازہر الشریف نے جمادی الاول ۱۴۰۵ھ میں لکھا۔ اور متعدد اسلامی ممالک کے اکتالیس ۴۱ علماء وشیخ نے تصدیق وتوثیق فرمائی ہے بلکہ پاکستان کے بڑے معروف ۱۴ علمائے دیوبند نے بھی تصدیق کی ہے۔ ۱۳ شیوخ یمن کی تقاریظ تحریر کی ہے۔

کتاب کے اختتام پر شیخ مکی فرماتے ہیں۔ خادم العلماء والعلم بالحرمین الشریفین مکہ مکرمہ سید محمد بن علوی بن عباس (رحمۃ اللہ علیہ) مالکی، حسنی، مکی ہوں۔ مزید لکھتے ہیں کہ میں نے خود پڑھا اور اپنی قلم سے کتاب مکمل کی ہے۔ (بتاریخ ربیع الاول ۱۴۰۴ھ) راقم ابوسعید کیلئے یہ پرمسرت بشارت ہوگئی کہ آج بھی کتاب بنام ''میلاد رسول دیارِ عرب میں'' مکمل ربیع الاول ۱۴۳۷ھ کی شب جمعہ کو ہوئی ہے۔ مزید مفتی محمد علوی کا کردار صفحہ نمبر 134 پر پڑھیں۔

عکس نمبر 45

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

دین کے چند اہم امور سے متعلق

اصلاحِ مفاہیم

ترجمہ

مَفَاهِيمُ يَجِبُ أَنْ تُصَحَّحَ

قرآنِ پاک اور حدیثِ نبوی نیز آثار و اقوال علماء کرام کی روشنی میں

تالیف

فضیلۃ الشیخ العلامہ السید الشریف المحدث محمد بن علوی المکی المالکی الحسنی حفظہ اللہ تعالیٰ

خادم العلم بالحرمین الشریفین زادہما اللہ تعالیٰ شرفاً و تعظیماً

علامہ محمد نصر اللہ خان افغانی نے جوازِ میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر مستقل کتاب تحریر کی۔

سابقہ رئیس دارالافتاء ستره محکمه دولت اسلامیه افغانستان

٢٠

عکس نمبر 47

ملکِ مصر میں عید میلاد النبی (صلی اللہ علیہ وسلم)

شیخ جامعہ ازہر (مصر) کی تازہ ترین اطلاعات بذریعہ اخبار "الایمان" پٹی ضلع لاہور کو موصول ہوئی ہیں۔ ان میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ سلطانِ مصر اور اہالیانِ مصر قدیم سے اس تقریب پر خصوصیت کے ساتھ اپنا اخلاص ظاہر کیا کرتے ہیں خصوصاً ان اطلاعات کا یہ حصہ قابل ذکر ہے کہ:

"جب ماہ ربیع الاول کا ہلال نظر آتا ہے۔ تو اہالیانِ مصر اس ماہ کو ماہ عید سمجھ کر تیاری میں لگ جاتے ہیں۔ اور تمام ملک مصر میں اس عید کے موقعہ پر تمام کاروبار بند کئے جاتے ہیں۔ اور غیر مسلم کو بھی ان تعطیلات سے ممنون و مشکور کیا جاتا ہے۔ خود شاہ مصر اپنی جیب خاص سے بہت بڑی رقم خرچ کیا کرتے ہیں۔ قاہرہ کے پاس ایک پُر لطف وسیع میدان واقع ہے۔ پہلی تاریخ سے ہی اس میں تیاری ہونے لگتی ہے اور چند ہی دنوں میں سیمن زرّین اور دوسرے قیمتی خیمے شامیانے اور سائبان نصب کئے جاتے ہیں جن کے عین وسط میں ایک بہت بڑا اور بہت اونچا خیمہ شاہ مصر اپنے لیے اپنے خرچ سے لگواتے ہیں۔ اس کے آس پاس امراء وزراء کے خیمے نصب ہوتے ہیں۔ جن میں زیبائشی سامان اس کثرت سے اور اس قرینہ سے لگایا جاتا ہے کہ شاذ کسی مورخ پر لگایا جاتا ہوگا۔

اس دور کے ختم ہونے کے بعد دوسرا دائرہ شروع ہوتا ہے۔ اس میں صوفیاء کرام اور سادات عظام اور علمائے اعلام کے لیے نہایت آب و تاب کے ساتھ خیمے نصب کئے جاتے ہیں جن میں وہ آرام کرتے ہیں اور خیموں میں جو سڑکیں رکھی جاتی ہیں ان کی سجاوٹ پر اس قدر دل کھول کر شاہ مصر روپیہ خرچ کرتے ہیں کہ مخالفین آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنے لگ جاتے ہیں کہ یا اللہ خادمانِ رسول علیہ السلام پر اس قدر مال و دولت کی بارانِ رحمت اور ان کی یہ جاں نثاری کہ تمام جھاڑ فانوس اور قیمتی ساز و سامان اور زیبائشی فرنیچر باہر جنگل میں لا کر رکھ دیا ہے۔

بہرحال یہ میدان گیس اور بجلی کے لیمپوں میں سے اس قدر سجایا جاتا ہے کہ رات کے وقت دیکھنے والے کو وہاں دن کی بہ نسبت زیادہ شان خدائی رات کو نظر آتی ہے۔ اور وہ وقت خاص لطف کا ہوتا ہے کہ فقراء و مساکین شاہی دسترخوان پر وزراء و امراء کے ہم پہلو شاہی اعزاز میں شریک ہو کر دو وقت ایسے مکلف کھانے کھاتے ہیں کہ ان کو اس تقریب کے سوا دیکھنے ہی نصیب نہیں ہوتے۔ اور یہ سلسلہ برابر بارہ ربیع الاول تک بدستور جاری رہتا ہے۔ اور اس دن صبح کو خود شاہِ مصر یا ان کا کوئی نائب حاضر ہو کر باقاعدہ جلوس کے ساتھ مشہد حسینی میں حاضر ہوتے ہیں (اور یہ خاص مقام ہے جو متبرک تقریبوں کے منوانے کے لیے مخصوص کیا گیا ہے) اور وہاں حاکم ذاکرین حضور علیہ السلام کے حالات زندگی۔ حضور کے احسانات دنیا پر۔ حضور علیہ السلام کے ولادت بیان کرتے ہیں

(الارشاد الی مباحث المیلاد علامہ محمد عالم آسی)

13 ربیع الاول ۱۴۳۷ھ

DAILY NAWA-I-WAQT LAHORE
روزنامہ نوائے وقت لاہور

دنیا بھر میں عید میلاد النبی ﷺ مذہبی عقیدت کے ساتھ منائی گئی ہے۔

پیرس: پاکستانی سفارتخانے میں عید میلاد النبیؐ کی تقریب

پیرس (صاحبزادہ عتیق سے) پاکستانی سفارتخانہ میں ولادت باسعادت نبی الرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ سفارتخانہ کے افسروں، عملہ اور کمیونٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اور نعت خوانی کی سعادت حاجی عبدالرشید نے حاصل کی۔ قونصلر سیکشن محمد عمر نے کہا کہ نبی الرسلین کی ذات مسلمانوں کیلئے ہی نہیں بلکہ پوری انسانیت کیلئے رحمت العالمین کا درجہ رکھتی ہے۔ علامہ حسن میر قادری نے کہا کہ اللہ کی نعمتوں، رحمتوں اور فضل میں سب سے بڑھ کر ایمان ہے۔ جو دین کسی کو تکلیف دے وہ دین محمدی نہیں ہے۔

نوائے وقت لاہور 25 دسمبر 2015ء

لندن: عید میلاد النبیؐ پر برطانوی مسلمانوں نے راہگیروں میں ہزاروں پھول بانٹے

لندن (آن لائن) حضرت محمد ﷺ کے یوم ولادت پر برطانوی مسلمانوں نے راہگیروں میں ہزاروں پھول بانٹے۔ لندن میں مسلمان شہریوں نے عید میلاد النبی ﷺ کی خوشیوں میں دیگر کمیونٹیز کے لوگوں کو بھی شامل کیا۔ جارج سٹریٹ کے باہر کھڑے ہو کر راہگیروں میں گلاب کے پھول اور کارڈ بانٹے۔

یوم پاکستان و یوم سعودیہ منانا کیسا ہے؟

DAILY DUNYA GUJRANWALA
دنیا

روزنامہ دنیا گوجرانوالہ 14-03-2016 کی اشاعت میں حافظ سعید صاحب کا پیغام شائع ہوا کہ 23 مارچ کو یوم پاکستان کے حوالہ سے آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں نظریہ پاکستان مارچ جلوسوں اور کانفرنسوں کا انعقاد کیا جائے گا۔

(مزید یوم سعودیہ منانے کا حوالہ صفحہ ۱۵۳ پر ملاحظہ کریں!)

سوال یہ ہے کہ یوم میلاد و جلوس میلاد نا جائز کیوں؟ اور تمہارے بسلسلہ یوم پاکستان جلسے جلوس جائز کیوں؟

محفل میلاد میں انوارِ ملائکہ کی بارش

آپ نے تحریر فرمایا کہ مکہ معظمہ میں روزِ ولادت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم (محفل میلاد شریف) مولدِ شریف میں لوگوں کا ایک جم غفیر تھا۔ اور وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام اور آپ کے معجزات بیان کرنے میں مشغول تھے۔ ناگاہ میں نے اس بقعۂ کریمہ سے بجلیاں چمکتی ہوئی دیکھیں۔ مجھے ان کے ادراک کی فکر ہوئی کہ کیا وہ نگاہِ ظاہر سے ہیں یا نگاہ باطن سے پھر جب میں نے غور کیا تو دیکھا کہ وہ ان ملائکہ کے انوار ہیں جو اس متبرک مقام پر مامور ہیں اور ان میں انوارِ رحمت بھی شامل ہیں۔ اور ان انوار کی تفصیل فیوض الحرمین میں مرقوم ہے۔

زیارت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت اقدس نے تحریر فرمایا کہ جب میں مدینہ منورہ میں داخل ہو کر روضۂ اطہر کی زیارت سے شرف ہوا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پُر فتوح کو ظاہر و آشکارا دیکھا لیکن نہ تو عالم اجساد میں اور نہ عالم ارواح میں بلکہ عالم مثال میں جو حِس ظاہر سے قریب ہے اس سے یہ معلوم ہوا کہ عوام جو درود وغیرہ میں آنحضرت کی نشانیاں بیان کرتے ہیں وہ اسی جہت سے ہے پھر میں یکے بعد دیگرے مرقدِ مطہر کی طرف متوجہ ہوا تو اس ذات قدسی صفات نے مختلف صورتوں میں ظہور فرمایا کبھی پرشکوہ و بارعب لباس میں (لباس شاہانہ میں) کبھی جذب و محبت اور انس کی شکل میں اور کبھی عریاں کی صورت میں اور ایسا محسوس ہوتا تھا کہ گویا اس مولد کی فضا روح مبارک صلی اللہ علیہ وسلم سے پُر ہو گئی اور موجیں مار رہی ہے حتیٰ کہ اسے دیکھنے والا خود بھی اپنے کو اس میں گم کر دیتا ہے اور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ صورت پاک جس سے آپ عالمِ ناسوت میں متمثل تھے مجھے دکھائی دی باوجود اس کے میری ہمت روحانیت کی طرف تھی۔ پس مجھے یقین ہو گیا کہ صورت کریمہ کی تقویم روح شریفہ کے خواص سے ہے اور اِنَّ الْاَنْبِیَاءَ لَا یَمُوْتُوْنَ وَاَنَّھُمْ یُصَلُّوْنَ وَیَحُجُّوْنَ فِیْ قُبُوْرِھِمْ میں اسی کی طرف اشارہ ہے۔ اور کبھی ایسا نہیں ہوا کہ میں نے آپ پر صلوٰۃ وسلام بھیجا ہو اور آپ نے انبساط نہ فرمایا ہو اور میرے لیے ظاہر نہ ہوئے ہوں۔ وذلک لانہ رحمۃ للعالمین۔

القول الجلی فی ذکر آثار الولی

اسلامیانِ گوجرانوالہ کا عظیم الشان جلوس اور ضروری ہدایات

از ولیٔ کامل، بانیٔ جلوس میلاد، مبلغ اسلام، عالم باعمل شیخ طریقت، علامہ مفتی

ابو داؤد **محمد صادق** قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ

بانی جماعت رضائے مصطفےٰ گوجرانوالہ (جنہوں نے جلوس میلاد کی 66 سال قیادت فرمائی۔)

☆ یہ جلوس مبارک خالص مذہبی اور روحانی ہے۔ لہٰذا اس میں کسی قسم کی سیاسی و دُنیاوی نمائش نہ کی جائے۔ اور کسی سیاسی پارٹی کا جھنڈا، نعرہ اور کتبہ وفوٹو وغیرہ کا ہرگز استعمال نہ کیا جائے۔

☆ جلوس مبارک کی گزرگاہوں کو آراستہ فرما کر سبیلیں اور سایہ کا انتظام کر کے جذبہ عقیدت کا مظاہرہ کریں اور ناسمجھ وغیر ذمہ دار بچوں کو گلیوں بازاروں میں چندہ مانگنے سے روکیں۔

☆ میلاد شریف کی خوشی میں مساجد و مکانات اور محافلِ میلاد میں مناسب طریقہ سے روشنی کریں لیکن بازاروں اور چوکوں میں محض نمائش کے طور پر روشنی کا اہتمام کر کے میلہ وتماشہ کی صورت نہ بننے دیں۔

☆ عورتوں کو گھروں سے نکلنے اور بازاروں میں جمگھٹا کرنے سے پوری طرح باز رکھیں اور بے حیائی و بے پردگی کو روکنے کی خاص کوشش کریں۔

☆ جلوس پاک میں سگریٹ پینے، ننگے سر رہنے، انگریزی لباس پہننے اور ویڈیو فلم بنانے سے اجتناب کریں۔ نیز ہر قسم کی غیر شرعی وغیر اخلاقی حرکات کی روک تھام کریں۔

☆ شوروغل ریکارڈنگ وغیرہ ہرگز نہ ہونے دیں اور پہاڑیوں وغیرہ پر رقم ضائع کرنے کی بجائے محفلِ میلاد اور صدقہ وخیرات کا اہتمام کریں۔

*دارالحکومت اسلام آباد کے علاوہ وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کی رہائش گاہ جاتی عمرہ میں محفل میلاد کا انعقاد۔

جلد	جمعۃ المبارک 13 ربیع الاول 1437ھ 25 دسمبر 2015ء 10 پوہ 2072ب		صفحات	رجسٹرڈ نمبری پی ایل	شمارہ
75	UAN 111-222-007	قیمت 12 روپے	16	101	273

عید میلاد النبیؐ ملک بھر میں عقیدت و احترام سے منائی گئی، چھوٹے بڑے شہروں میں جلوس

ملک کیلئے خصوصی دعائیں۔ لاکھوں افراد کی روضہ رسولؐ پر حاضری: پشاور کی تقریب میں ہندو، سکھ، عیسائی بھی شریک ہوئے

لاہور + پشاور (خبر نگار + لیڈی رپورٹر + خصوصی نامہ نگار) عید میلاد النبیؐ ملک بھر میں مذہبی عقیدت صفحہ 8 پر بقیہ نمبر 12

عقیدت و احترام سے منایا گیا اس سلسلے میں عاشقان رسولؐ نے شہر شہر گلی محلوں میں ریلیاں اور جلوس نکالے جلسے اور ریلیاں ہوئیں۔ نماز فجر کے بعد ملک بھر کی مساجد میں بارگاہ رسالت حضرت محمد مصطفیٰؐ میں درود و سلام کا ہدیہ پیش کیا گیا ملکی سلامتی کے لئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ دن کا آغاز وفاقی دارالحکومت میں 31 اور صوبائی دارالحکومتوں میں 21/21 توپوں کی سلامی سے ہوا۔ 12 ربیع الاول کے موقع پر کراچی، لاہور، کوئٹہ، پشاور، فیصل آباد، گوجرانوالہ، اسلام آباد سمیت چھوٹے بڑے شہروں سے ریلیاں اور جلوس نکالے گئے۔ سیرت کانفرنسیں اور محافل میلاد ہوئیں۔ نبی آخری الزماںؐ کے جشن ولادت کی خوشی میں ملک کے چھوٹے بڑے شہروں کی گلیوں کو سبز پرچموں اور برقی قمقموں سے سجایا گیا، اہم عمارتوں، شاہراہوں، مساجد پر چراغاں کیا گیا جس سے رنگ و نور کی فضا قائم ہو گئی، جگہ جگہ صلوٰۃ و سلام کی صدائیں گونجتی رہیں۔ سرکار دو عالم جشن ولادت کے موقع پر بڑے پیمانے پر نیاز کا خصوصی اہتمام کیا گیا، جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر کراچی سمیت ملک کے چھوٹے بڑے شہروں میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے۔ جلوس اور ریلیوں کی سکیورٹی کے لیے پولیس کے خصوصی دستے تعینات کئے گئے تھے۔ اسلام آباد میں وزیراعظم نواز شریف نے عید میلاد النبیؐ کے موقع پر منعقدہ تقریب میں خصوصی طور پر شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ ثناء خوانوں نے سرور کونینؐ کی شان میں گلہائے عقیدت پیش کیا،

جاتی عمرہ میں وزیراعظم نواز شریف عید میلاد النبیؐ کے موقع پر محفل نعت میں شریک ہیں

*میاں محمد نواز شریف نے محفل میلاد میں خصوصی طور پر شرکت کی۔

*وفاقی دارالحکومت کی جانب سے 31/31 اور صوبائی دارالحکومت کی جانب سے 21/21 توپوں کی سلامی سے 12 ربیع الاول شریف کے مبارک دن کا آغاز ہوا۔

میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جلوس وجلسہ کا بیان غیروں کے قلم سے

